فہرست مضامین شحاب الاوائل والاواخر

قسم ثانی متعلق با واخر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الاول الاخر۔ والصلوٰۃ والسلام علی الافضل الاکمل من المظاہر الاول فی المخلوقات النورانیۃ خلقا والاخر المتحقق بصفات الالوھیۃ خلقا وعلی اٰلہ وصحبہ المتعلقین بصفاتہ تعلقا صلوۃ وسلاما دائمی البقا۔

مجھکو یاد پڑتا ہی کہ بیس پچیس برس کے قبل ایک نسخہ اولیات کا قلمی عالیجناب نواب مستطاب سرسالارجنگ اعظم اول جی سی ایس آئی کے کتبخانہ مین میری نظر سے گزرا تہا۔ اوسیوقت سے میرا خیال اس بات کی طرف لگا ہوا تہا کہ اگر اسطرح کا کوئی مجموعہ اردو زبان مین مرتب کیا جاسے تو متعلمین کے لئے کارآمد ہوگا۔ مگر ایک زمانہ تک اسکا کوئی مواد فراہم نہو سکا۔ بعد مدت مدیدہ کی ایک نسخہ محاضرۃ الاوائل مسامرۃ الاواخر مصنفہ علامہ شیخ علاء الدین علی سکتواری کا دستیاب ہوا۔ یہہ کتاب استاد المتاخرین امام جلال الدین سیوطی رح کی مشہور کتاب اوائل کا گویا خلاصہ ہے۔ اور نیز اوسمین کتب مفصلۂ ذیل سے بھی کچھہ مضامین اخذ کئے گئے ہین ع

تحفة الالباب - تاریخ الخلفا - سیر الملوک - کنز الاسرار - مسالک الممالک
بہجۃ التواریخ - تاریخ الحکماء والفقہاء والنحاۃ - اصول التواریخ - الجوہر الثمین
کتاب المحاضرۃ فی اخبار مصر والقاہرہ - مزہر اللغۃ -
اور جس مین بدایات عالم ونہایات کون کو بحذف زوائد نہایت جامعیت کی ساتھہ
بیان کیا گیا ہے - لہذا اوسکو بطریق ایک جنتری کے مرتب کیا گیا - اور اسی
مناسبت سے اس کتاب کا نام انتخاب الاوائل والاواخر - رکھا گیا -
اور حتی الامکان اسبات کا لحاظ رکھا گیا ہی کہ الحاقات وزوائد سے
یہہ فہرست پاک رہی - اور علت غائی جو محض اوائل واواخر دینی ودنیوی کا بقدر
ضرورت معلوم ہونا ہے فوت نہ ہو -

غلام احمد
مددگار مجلس مالگزاری سرکار عالی

مقام حیدرآباد دکن
۲۱ جمادی الثانی ۱۳۱۷ھ

نشان سلسلہ	اوائل	جواب اوائل نمبر ۲	تشریح ضروری
۱	۲	۳	۴
	فصل اول متعلق بہ احادیث		
۱	رسولون مین پہلے رسول کون ہین	آدم علیہ السلام	اور آخر رسل حضرت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہین۔
۲	انبیاء بنی اسرائیل مین پہلے نبی کون ہین	موسیٰ علیہ السلام	اور آخر انبیاء بنی اسرائیل عیسے علیہ السلام ہین۔
۳	پہلے قلم سے کسنے لکھا	ادریس علیہ السلام	
۴	پہلے نبی کون ہین	نوح علیہ السلام	
۵	پہلا وقت کیا ہے	اللہ کی خوشنودی کا	اور درمیانی وقت رحمت کا اور آخر وقت عفو الٰہی کا ہے۔
۶	سب سے پہلے دنیا مین کونسی مسجد بنی	مسجد حرام	اس کے بعد مسجد اقصی اور دونو مسجدون کے درمیان مین چالیس سال کا فصل ہے۔

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
	پہلے کون سا قطعہ زمین کا وجود مین آیا	وہ قطعہ زمین جہان کعبۃ اللہ ہے	پہر اوس سے سب زمین پہیلائی گئی
	پہلے کون سا پہاڑ پیدا کیا گیا۔	جبل ابوقبیس	اسی سے دوسرے پہاڑون کا سلسلہ قائم ہوا۔
۹	پہلے زمین کی وسعت کس جانب سے ہوئی	[illegible] طرف سے	پہر بائین جانب سے۔
۱۰	پہلی عبادت کونسی ہے	خاموشی	یہ حدیث مرسل ہے۔
۱۱	پہلے کون لوگ ہلاک ہون گے	قریش اور قریش مین بھی اہل بیت	آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اول الناس هلاکا قریش واول قریش هلاکا اهل بیتی۔ یعنے پہلے قریش ہلاک ہون گے۔ اور قریش مین پہلے میرے اہل بیت۔
۱۲	پہلے کون فنا ہون گے	قریش اور قریش مین بھی بنی ہاشم	آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اول الناس فناء قریش واول قریش فناء بنو هاشم یعنے پہلے قریش فنا ہون گے

نمبر	سوال	جواب	حدیث
			اور قریش میں بھی بنی ہاشم
۱۳	پہلا لشکر اسلام کا جو دریا کا سفر کرے کیا ہوگا اور پہلا لشکر جو روم سے لڑے کیا ہوگا	بہشتی ہوگا اور مغفور -	آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اول جیش من امتی یرکبون البحر قد اوجبوا واول جیش یغزون مدینة قیصر مغفور لهم یعنی پہلا لشکر میرے امت میں سے جو دریا کا سفر کرے گا - اوسکے لئے بہشت واجب ہوگی - اور پہلا لشکر جو قیصر روم کے شہر پر چڑھائی کریگا اوسکے لئے مغفرت ہوگی
۱۴	ماہ رمضان کا عشرہ اول کیا ہے	رحمت ہے	اور اوسکا اوسط مغفرت ہے اور اوسکا آخر دوزخ سے نجات ہے -
۱۵	دینی امور میں سے پہلی کونسی چیز مفقود ہوگی	امانت	
۱۶	لوگوں کے دلوں سے پہلی کیا بات جاتی رہے گی -	خوف خدا	آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اول ما یرفع من الناس الخشوع حتی لا تری خاشعا

			یعنے لوگون کے دلون سے پہلے خوف خدا جاتا رہیگا۔ یہانتک کہ کوئی خائف نظر بھی نہ آئیگا۔
۱۷	پہلے اس امت سے کون سی باتین جاتی رہین گی۔	حیا اور امانت	آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اول مایرفع من ہذہ الامہ الحیاء والامانۃ یعنے پہلے اس امت سے حیا اور امانت جاتی رہیگی
۱۸	بت پرستی کے بعد کونسی چیز حرام ہوئی	شراب اور جھگڑا فساد	آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اول مانہانی عنہ ربی بعد عبادۃ الاوثان شرب الخمر وملاحاۃ الرجال یعنے بت پرستی کی بعد جو چیز کہ خدا نے مجھے پہلی حرام کی ہے وہ شراب کا پینا ہے اور جھگڑا فساد کرنا لوگون سے ۔
۱۹	پہلے خضا اور رگ نیل سے کس نے خضاب کیا	ابراہیم علیہ السلام	
۲۰	سیاہ رنگ سے کس نے	فرعون نے	

نمبر	سوال	جواب	تشریح	حوالہ
	پہلے خضاب کیا			ابوہریرہ و شعبی
۲۱	پہلے حمام مین کون داخل ہوا۔ اور نورہ کس کے لئے بنایا گیا	سلیمان ع بن داود ع	جب آپ حمام مین داخل ہوئے تو اوسکی گرمی سے حرارت دوزخ کو یاد دلایا۔	ابن عباس
۲۲	دین ابراہیمی مین پہلے کسنے تبدیل کی	عمرو بن لحی بن قمعہ بن خندف نے		ابوذر
۲۳	پہلے سنت محمدی مین کس نے تبدیل کی۔	بنی امیہ مین سے ایک شخص نے	آنحضرت ص نے فرمایا کہ اول من یبدل سنتی رجل من بنی امیۃ یعنی میری سنت مین جو شخص پہلے تبدیل کریگا وہ بنی امیہ کا ایک مرد ہے۔	
۲۴	اول کیا کیا چیزین اُٹھالی جاینگی	رکن اور قرآن مجید اور خواب مین نبی کو دیکھنا۔		عشرہ ۵
۲۵	اس امت پر پہلی کون سی چیز فرض ہوئی۔	نماز پنجگانہ	اعمال مین پہلے جو چیز مفقود ہوگی وہ نماز پنجگانہ ہے۔ قیامت مین پہلے اسی کی نسبت سوال ہوگا۔ اگر اسی کو	بیہقی

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
			نماز فرض ترک کردی ہو۔ تو خداوند عالم فرشتون کو حکم کریگا کہ دیکھو اسنے کوئی نفل نماز پڑہی ہی اگر پڑہی ہی تو اُس سے نماز فرض کا جبر نقصان کر دیا جای۔ اسیطرح روزہ اور زکوۃ مین عمل ہوگا یہہ صرف خدا کے فضل اور رحمت کا مقتضا ہے۔
٢٦	لوگون سے پہلی کونسی چیز اٹھالیجائیگی اور دین مین سے کونسی چیز باقی رہے گی۔	امانت اٹھہ جاے گی اور نماز باقی رہیگی	
٢٧	شہید کا خون جو پہلے بہے اسکا کیا اثر ہوگا	شہید کے سارے گناہ معاف ہوجاوینگے	مگر قرض اوس کے ذمہ سے نہ اُتریگا فائدہ علما کا قول ہے کہ قدرت کی وقت جس قرضہ کے ادا کا اہتمام نہ کیا گیا ہو وہ کبھی عفو نہ ہوگا اگر

			باوجود اہتمام کے ادا نہ ہوسکا ہو تو شاید ہو لما ورد فی الصحیح من اخذ موال الناس لیود یہا اداہا اللہ تعالیٰ عنہ بفضلہ یعنے جو شخص لوگون کا مال بہ نیت ادای کے لے تو خدا تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اُسکو ادا کر دیگا۔
	فصل دوم دربیان احادیث متعلق باحوال آخرت وبعثت		
۱	قیامت کی پہلی علامت کیا ہے	آفتاب کا طلوع ہونا مغرب کے طرف سے	
۲	اہل جنت پہلے کونسی چیز زیادہ کھائینگے۔	مچھلی کا جگر	
۳	قیامت کے دن پہلے کس عمل کی پرسشش ہوگی۔	نماز کی	اگر انسان نماز مین پورا اوترا تو بیڑا پار ہے۔ اگر اوس مین کچہ کسر ہے تو پہر سب اعمال مین فساد کا اندیشہ ہے

اعوذ باللہ ...

انس رض

رواہ ابن ماجہ

انس رض	۴	قیامت کے روز پہلے کونسی چیز پیدا ہوگی	آگ	قیامت کے روز آگ مشرق سے مغرب کی جانب پھیلے گی۔
ابو ذر رض	۵	سب سے پہلے خداوند عالم کس سے مصافحہ کرے گا	عمر رضی اللہ تعالے عنہ سے	اور سلام بھی آپ ہی سے پہلے کرے گا اور آپ کا ہاتھ پکڑ کے سب سے پہلے جنت مین بھیجدے گا
ابو ہریرہ رض	۶	جنت مین پہلے کون شخص داخل ہوگا	جو خدا کی اور اپنے مالک کی اطاعت کرے۔	
ابن عباس سے	۷	جنت کیطرف پہلے کون لوگ بلائے جائینگے	وہ لوگ جو تنہائی و تکلیف مین اللہ تعالی کی حمد کرتے ہین۔	
زہری سے	۸	آنحضرت ص سے قیامت کے روز پہلے کون ملین گے	فاطمہ رضی اللہ عنہا۔	آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اول ما یلحقنی من اہل بیتی انت یا فاطمۃ واول ما یلحقنی من ازواجی زینب وھی اطولکن کفا یعنے قیامت کے روز

			میری اہل بیت میں مجھہ سے پہلی فاطمہ ملینگی۔ اور میری ازواج میں زینب اور زینب کا کفو تم سے زیادہ ہے۔
9	قیامت کے دن پہلے کون بلائے جائینگے	آدم علیہ السلام	آنحضرت ص نے فرمایا کہ اول من یدعی یوم القیمۃ ادم فترآءی ذریتہ فقال ھذا ابوکم ادم فیقول لبیک وسعدیک فیقول اخرج بعث جھنم من ذریتک فیقول یارب کم اخرج فیقول اخرج من کل مائۃ تسعۃ وتسعین فما ذا یبقی منا قال ان امتی فی الامم کالشعرۃ البیضاء فی الثور الاسود۔ پہلے قیامت میں آدم علیہ السلام بلائے جائینگے اور اون کی ذریت اونکو دیکھیگی اور کہا جائیگا کہ یہ تمہارے باپ ہیں

راوی	نمبر	سوال	جواب	تفصیل
				پھر حضرت آدم کہین گے کہ مین حاضر ہون۔ تو حکم کیا جائیگا کہ اپنی ذریت سے دوزخ کی بھرتی کے لیئے لوگ چھانٹو۔ آپ پوچھین گے کہ کس قدر تو حکم ہوگا فیصدی ننانوے پھر باقیماندہ مین اس امت کی تعداد کیا ہوگی اور جناب رسالت مآبؐ فرماتے ہین کہ میری امت دوسری امتون کے مقابلہ مین ایسی ہے جیسے ایک سفید بال سیاہ گاے پر۔
عباس رض	۱۰	قیامت کے دن پہلے کون شفاعت کرین گے	انبیاءؑ	پھر علما اور شہداء
عبد اللہ بن جعفر۔	۱۱	قیامت کے روز آنحضرتؐ پہلے کس کی شفاعت کرین گے	اہل مدینہ و مکہ و طائف کے	
ابن عمر رض	۱۲	آنحضرتؐ اپنی امت سے	اہل بیت و قریش و انصار	یعنی اہل بیت مین جو قریب کے

	پہلے کس کی شفاعت کرین گے۔		رشتہ دار ہین - پہر اونسی قریب کے رشتہ دار قریش ہین سے پہر انصار پہر مومنین مین - پہر تمام عرب پہر اہل عجم۔

فصل سوم دربیان اوائل کائنات کلیہ

۱	پہلے کیا پیدا کیا گیا	قلم	قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہین کہ اول مخلوقات مین علماء کو اختلاف ہے ابن عمر رض کہتے ہین کہ "عرش" ہے اور بعض کہتے ہین کہ "پانی" ہی اور بعض "عما" جسکو حکماء ہیولے کلیہ جامعہ کہتے ہین - یعنی قوت قابلہ بعض کہتے ہین "ہوا" بعض "ذرہ" بعض "جوہر فرد" بعض "روح" بعض "نور محمدی" وغیرہ اصل یہ ہے کہ تکوین مین کسی ایک شی کا متقدم ہونا لازم ہی - جب دو چیز ایکدوسرے

مغائر ہون تو بلحاظ تکوین و ایجاد کے
ہر ایک چیز ایکدوسرے پر متقدم
نہین ہوسکتی۔ فرض کرو کہ ایجاد اول
مین یا دو چیزین ایکساتھہ خلق ہوئی
ہون گی یا ایکدوسرے سے
متعاقب پہلی صورت مین تو اولیت کا
کسی شے پر اطلاق نہین ہوسکتا
اور دوسری صورت مین تو بالکل
ظاہر ہے۔ بہرحال قول فیصل
یہ ہے کہ مخلوق اول ایک ہی شے ہے
جس کے نام باعتبار صفات کے
جدا جدا ہیں۔ اس مین شک نہین ہے
کہ باعث تکوین عالم ذات گرامی
آنحضرت صلعم کی ہے۔ چنانچہ حدیث
قدسی مین وارد ہے لولاک
لما خلقت الافلاک تو اس
اعتبار سے آپ کی ذات اصل ہے

اور باقی فروع اور اس سے یہ بات
لازم آتی ہی کہ قدرت کا تعلق پہلے
آپ ہی کی روح سے ہوا۔ مگر اسی
روح کے نام بلحاظ اعتبارات مختلفہ
جدا جدا ہوگئے۔ کیون کہ کثرت
اسما ذاتیہ کی عظمت مسمی پر
دلالت کرتی ہی اور وہ مسمیٰ کیا ہی
آپ کا وجود باجود۔ چون کہ یہہ وجود
صدف موجودات کا دریکتا ہی اسلئے
اسکا نام (درۃ) رکھا گیا۔ اور
باعتبار نورانیت کے (نور) اور
باعتبار وفور عقل محمدی کے عقل اور
باعتبار غلبہ صفات ملکیہ کے ملک اور
باعتبار مصدریت اشیا و علیت صدور
عالم کے (قلم) رکھا گیا۔ چنانچہ
حدیث صحیح مین وارد ہی کہ اللہ
معط وانا قاسم فافہم۔

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
۲	پہلے قلم نے کیا لکھا	انا التواب اتوب علی من تاب	پہلے قلم نے بحکم الٰہی یہی لکھا کہ مین تواب ہون جو شخص توبہ کرے اوسکے توبہ قبول کرتا ہون۔ قلم کے بعد لوح محفوظ پیدا ہوی۔
۳	لوح محفوظ پر پہلے کونسی سورہ لکھی گئی	سورہ فاتحہ	
۴	پہلے شروع وحی کا کس چیز سے ہوا	رویای صادقہ سے۔	
۵	کونسی آیت پہلے لوح محفوظ سے نازل ہوی۔	بسم اللہ الرحمن الرحیم	
۶	قلم اور لوح محفوظ کے بعد پہلے کونسی چیز پیدا ہوی۔	عقل	جزا وسزا اسی سے وابستہ ہی اسکے بعد نفس پیدا ہوا اور پھر طبیعت پھر ہیولے پھر جسم کلی پھر افلاک پھر ارکان پھر موالید ثلاثہ یعنے جمادات ونباتات وحیوانات
۷	نباتات مین پہلے	سرنے	اسی سے قلم بنا

تنویر المقیاس

ایضاً

ایضاً

سیرۃ الملوک ودرۃ الیبصار

ایضاً

بلغۃ المسیر

	کوسی چیز پیدا ہوی۔		
۸	پہلے خطاب کس سے ہوگا۔	عقل سے	چونکہ عقل مخترعات اوّلیات مین بے نظیر ہے لہذا اوسی سے خطاب ہوگا۔
۹	خدا نے فطرت انسانی کو پہلے کس حیثیت مین پیدا کیا	ساذج یعنی سادہ و بے رنگ	اوسکو عوالم الٰہی سے جبر ترقی دی کہ جسکا شمار سوای خدا کے کسیکو نہین معلوم ہے۔ قرآن مجید مین اسی بات کی طرف اشارہ ہے وما یعلم جنود ربک الا ہو۔ پھر حضرت انسان درجہ بدرجہ ترقی کرتے جاتے ہین۔ یہان تک کہ درجہ عقل پر پہونچے ہین۔
۱۰	ادراک کا پہلا درجہ کیا ہے۔	عقل	اسکے بعد اور بھی مدارج ہین جیسے حواس باطنہ چشم عقل سے وہ عوالم غیب کا ادراک کرسکتا ہے۔
۱۱	حواس باطنہ مین	عقل	

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
	پہلا حاسہ کون ہی		
۱۲	پہلا حاسہ حواس ظاہرہ مین کون ہی	لمس	
۱۳	بعد نفخ روح کے آدم علیہ السلام کی زبان سے پہلی کونسا کلمہ نکلا	الحمد للہ رب العلمین	اسیواسطے افضل قرآن الحمد للہ رب العالمین ہے۔
۱۴	آدمؑ سے کونسی حرکت پہلی صادر ہوئی	چھینک	اسلئے بجواب عطسہ الحمد للہ کہنا اول سنت بشر ہی۔ عطسہ کا جواب پہلی ملائکہ نے ترحیم کے ساتہہ دیا تو گویا یہہ اول فرض کفایہ ہے بنی آدم پر کہ عاطس کا جواب یرحمک اللہ سے ادا کرے۔
۱۵	پہلے کس نی سلام کیا اور اوس کی اجراء مین مبادرت کی۔	آدم علیہ السلام نے	
۱٦	پہلے حمل کسکو ہوا	حوا علیہا السلام کو	یہہ حمل خفیف تہا۔ چنانچہ قرآن مجید مین ارشاد ہوتا ہی فلما تغشاها

غواسے ۱۲م

ایضاً

بعض المحققین

۱۷	پہلے انسان مین کونسی حس کا ظہور ہوتا ہے۔	حس لامسہ کا	حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيفًا۔ جس سے وہ حرارت - برودت رطوبت اور یبوست کو معلوم کرتا ہی لیکن قوت لامسہ رنگ کو معلوم کرنے سے عاجز ہی۔ پھر بصارت دیجاتی ہی۔ اسکے بعد قوت سامعہ پھر قوت ذائقہ پھر قوت ممیزہ اور قوت تمیز کے حاصل ہونے تک سات برس کا سن ہوجاتا ہے اسیواسطے حدیث مین آیا ہے کہ مروا صبیانکم بالصلوٰۃ اذا بلغوا سبعًا یعنے حکم کرو اپنی اولاد کو نماز کا جبکہ انکا سن سات سال کا ہوجاوے۔ یہاں سے عقل کا درجہ شروع ہی جس سے انسان تادیب و تکلیف کی لایق ہوتا ہی اسکے طرف اشارہ ہی

نمبر	سوال	جواب	کیفیت	حوالہ
			کہ واضربوھم اذا بلغوا عشرا اور مارو اونکو جب کہ ان کی عمر دس سال کی ہوجاوے ۔	
۱۸	اعضای انسانی مین پہلے کونسا عضو پیدا ہوا ۔	شرمگاہ	خدا کا حکم ہی کہ اسکو ناجائز طور پر استعمال نہ کرین ۔	اوائل سیوطی
۱۹	انسان کے پیدا ہونے سے قبل صورت بشری کسکو حاصل تھی	اسرافیل ؑ کو	محققین کا قول ہی کہ ہر مخلوق بلحاظ ہیئت و شکل ظاہری کے خوبصورت ہے مگر انسان سب سے زیادہ خوبصورت ہے	روضۃ المعارف
+	خدا نے پہلی کس دن کو پیدا کیا	یکشنبہ کو		سیوطی کنز الاسرار
۲۰	اوقات مین پہلے کس وقت کو پیدا کیا	شب کو		شیخ اکبر
۲۱	حیوانات مین پہلے کون پیدا ہوا ۔	شہد کی مکھی	آخر مین قرد یعنے بوزینہ	ایضاً
۲۲	نباتات مین پہلے کیا چیز پیدا ہوی	کماۃ یعنے سماروغ جو برسات مین بطور چھتر کے	پہلے معادن کی پیدائش ہوی پھر نباتات کی پھر حیوانات کی	

	اوگئی ہی جسکو قدرتی بھی کہتے ہن		اور سب کے بعد انسان کی پیدائش ہوی۔
۲۳	پہلا گھر جو عبادت و برکت کے لئے بنا کونسا ہی	کعبہ	فرمایا حضرت علی رض و ابن عباسؓ نے خانہ کعبہ پہلا مکان ہی جو عبادت و برکت کے لئے زمین پر بنایا گیا جسکو حضرت آدم علیہ السلام نے بنایا۔
۲۴	مقام ابراہیم کو طوفان نوح کی بعد پہلے کس نے قائم کیا	الیاس بن مضر نے	ہمیشہ عرب اس مقام کی تعظیم کرتے رہے چنانچہ حضرت بحالت مآب صلب پشت پدر ہی میں لبیک کہا کرتے تھے اور اہل مضر اوسکو سنتے تھے۔
۲۵	بیت المقدس کی تعمیر پہلے کس نے کی۔	ملائکہ نے	یہ بھی اختلافی امر ہی ابن عباسؓ سے منقول ہی کہ پہلے آدم علیہ السلام نے اسکی بنا ڈالی۔ پھر سام بن نوح نے پھر کسی ایک ولی نے پھر داؤد علیہ السلام نے مگر سلیمان علیہ السلام سے تمام کیا حسب

رجب

			اس کی تعبیر سے فارغ ہوئے تو تین ہزار گائے اور سات لاکھ بکریاں قربانی کیں۔
۲۶	زمین پر پہلی کونسا قریہ آباد ہوا	ثمانین	اس کے باشندے سریانی زبان تھی جو قبل از طوفان جزیرہ سوربہ کے رہنے والے تھے۔ انمین صرف ایک شخص جرہم نامی عربی زبان بولتا تھا۔ ثمانین کے معنی اسّی کی ہیں۔ اسکی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اسمیں ابتداً صرف چالیس مرد اور چالیس عورت تھی۔
۲۷	طوفان کے بعد نوح علیہ السلام کشتی سے اتر کر پہلے کہاں گئے۔	جودی پہاڑ پر	جو موصل اور دجلہ کے قریب ہی آپ جد ثانی ہیں۔ آپ ہی کے نسل سے پھر دنیا کا نشو نما ہوا۔ آپ کی عمر (۹۵۰) برس کی تھی طوفان کے بعد ۳۵۰ برس زندہ رہے۔
۲۸	پہلے وصیت کس نے کی	آدم علیہ السلام نے	بہت وصیت شیث علیہ السلام کو

اوائل سیوطی اصول التواریخ

اصول التواریخ

روضۃ الصفا

نمبر	سوال	جواب	تفصیل
			ہوئی تھی کہ صحف منزلہ کے مطابق عمل کریں۔ اور امانت الٰہی یعنے نور محمدی کی عظمت رکھیں۔ اور نیز وصیت کی تھی کہ اپنی اولاد کو اس نور کی خبر کرتے رہیں۔
۲۹	آدم علیہ السلام کے بعد پہلے نبوت کس کو ملی	ادریس علیہ السلام کو	یہ نوح ع کے دادا تھے۔ ان کا نام اخنوخ بھی تھا۔ ادریس سریانی لفظ ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ عربی ہے درس سے مشتق ہے۔ کیونکہ آپ صحف الٰہی کا درس بکثرت دیا کرتے تھے۔ ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ نوحؑ اور ادریسؑ کے درمیان ایکہزار سال کا فصل ہے۔
۳۰	پہلے احاطہ کس شہر کا بنا۔	حران کا	طوفان کے بعد نوح علیہ السلام حران پہونچے۔ اور اوس کا احاطہ بنایا۔ اور پہر دمشق گئے اور اوسکا احاطہ بنایا۔ پہر بابل گئے

مسئلہ نبوت کس کو ملی

مسالک الممالک دعجائب البلدان	۳۱	صحابہ کے عہد میں پہلا شہر کونسا آباد ہوا۔	بصرہ	اسکو مدینہ عمریہ بھی کہتے ہین اسلئے کہ عمر رضی اللہ تعالی عنہ کے وقت مین بنایا گیا تھا۔ اسمین ہر بستی کا نام یہ تھا۔ اور کوئی کلسا نہ تھا۔ اسمین سات ہزار مسجد تھے۔
ایضا	۳۲	بصرہ کے بعد پہلا اسلامی شہر کونسا بسا۔	کوفہ	اسکو علویہ بھی کہتے ہین کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اس کی بنا ڈالی تھی۔
	۳۳	پہلے آدم علیہ السلام بہشت سے کہان اُتارے گئے	جبل راہون مین۔	اور جسجگہ آثار قدم موجود ہین اسکو وہنا کہتے ہین۔ آپ کا مدفن غار جبل ابی قبیس مین ہے۔ تاریخ مکہ مین لکھا ہے کہ طوفان کے بعد نوح علیہ السلام نے مسجد خیفیا مین جو منا مین ہے آپ کو دفن کیا۔ یا مشارق الفردوس مین جو پہلا قریہ ہے دنیا کا۔
	۳۴	پہلے جنت سے کون نکالے گئے	آدم وحوا علیہما السلام	

۳۵	بعد آدم علیہ السلام کے پہلا مرد دنیا مین کون ہے	قابن یا قابیل	مگر مشہور قابیل ہے کہ قابیل تیسرا لڑکا آدم ع کا ہے۔ اسلئے کہ پہلا اور دوسرا لڑکا فوراً مر گیا تھا	بحار الصدور
۳۶	آدم نے سب سے پہلے کس چیز کو پسند کیا	گھوڑے کو	اسیواسطے خدا نے آپ سے کہا کہ یہ تمہارے اور تمہارے اولاد کے لیئے زینت ہے۔	عن ابن عباس رض
۳۷	آدم علیہ السلام سے پہلے زمین پر کون بستے تھے۔	جنات		
۳۸	عفاقیر خوشبودار کہان پیدا ہوی	سرزمین ہند مین	یعنی عود زنجبیل وغیرہ	اصول السلاطین
۳۹	علم و حکمت کا ظہور کس سرزمین سے ہوا	ہند سے	حضرت آدم کے طفیل سے	ایضاً
۴۰	بچہ کی پیدائش رحم مین سب سے پہلے کسوقت ہوتی ہے	اول ماہ مین	تدبیر زحل سے۔ اس حساب سے ساتوین مہینہ مین قمر کا عمل پورا ہوجاتا ہے۔ اگر اس مہینہ مین	شرح [illegible]

نمبر	سوال	جواب	کیفیت	حوالہ
			تولد ہوا تو بچہ زندہ رہتا ہے کیونکہ بقول اہل تنجیم اسکی خلقت کامل ہو جاتی ہے - آٹھویں مہینہ میں برودت اور جمود و خشکی کا غلبہ رہتا ہے - لہذا اس مہینہ کا مولود اکثر زندہ نہیں رہتا - نویں مہینہ میں مشتری کا غلبہ رہتا ہے اسلئے بچہ کے لیے کوئی خدشہ نہیں ہے -	
۴۱	پہلے ظہور موتی مرجان کا کس چیز سے ہوا -	حضرت حوا کے آنسوؤں سے	جو حضرت آدم ع کی مفارقت سے جاری ہوئے تھے - واللہ اعلم	اصول التواریخ
۴۲	درختوں میں پہلے کونسا درخت پیدا ہوا	درخت خرما	حدیث میں وارد ہے کہ کھجور اور انگور کی پیدائش اوس مٹی سے ہوئی ہے جو آدم علیہ السلام کی تیاری کے بعد بچ رہی تھی -	سیوطی
۴۳	میووں سے کے مختلف	آدم علیہ السلام		اصول التواریخ

نمبر	سوال	جواب	کیفیت	حاشیہ
۴۴	درخت پہلے کس نے بوئے	آدم علیہ السلام نے		روضۃ الاحباب
۴۵	پہلے آب باران کہاں سے نکلتا ہے۔	تحت عرش سے	حدیث میں وارد ہی کہ پانی پہنچا ہوا برستا ہی۔	[illegible]
۴۶	ہر نبی پر پہلے وحی کس زبان میں نازل ہوئی ہے۔	عربی میں	کیون کہ ملائکہ کی زبان عربی ہے اسا ایرا وسی زبان مین وحی نازل ہوتی پہر اوسکا ترجمہ زبان وقت میں کیا جاتا تھا	ایضاً
۴۷	پہلے رسول کون ہین	نوح علیہ السلام		ایضاً
۴۸	پہلا ہرمس کون ہی	ادریس علیہ السلام	حکماء ان کو ہرمس مثلث بھی کہتے ہیں کیونکہ آپ نبی بھی تھے۔ اور بادشاہ و حکیم بھی۔	[illegible]
۴۹	پہلے نوع انسانی کا ظہور کس دور مین ہوا	دور سنبلہ مین		روضۃ الشہداء
۵۰	پہلا مجدد صدی کا بعد صحابہ کے کون ہی	عمر بن عبد العزیز	ہر صدی میں ایک مجدد ہوتا ہی چنانچہ صدی اول مین عمر بن عبد العزیز معز لے دوم میں امام شافعی تخصیص ہوا تھا	ایضاً

۵۱	اشرار مین پہلا کون ہے	یزید بن معاویہ	اور خاتم الاشرار دجال ہے۔
۵۲	اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کے جواب مین پہلے کس نے بلیٰ کہا	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے	اول ماخلق اللہ روحی واول ماخلق اللہ نوری اسیکے طرف اشارہ ہے

فصل چہارم متعلق لغت و زبان وغیرہ

۱	پہلے زبان عربی مین کس نے تکلم کیا	آدم علیہ السلام نے		اتقان وکنز الاسرار
۲	پہلے حروف تہجی عربی مین کس پر اترے	آدم علیہ السلام پر		شمس المعارف
۳	ابراہیم علیہ السلام کی اولاد مین سب سے پہلے عربی مین کسنے گفتگو کی	اسمٰعیل علیہ السلام نے	اسوقت آپ کی عمر تیرہ برس کی تھی۔	اصول التواریخ
۴	عربی زبان مین سب سے پہلے فصاحت کے ساتھ کس نے تکلم کیا۔	یعرب بن قحطان نے		اوائل سیوطی
۵	آدم علیہ السلام کے	ہود علیہ السلام نے	اور یہ متفق علیہ ہے کہ عاد۔ ثمود	ایضاً

	بعد سب سے پہلے عربی میں کس نے گفتگو کی		نوح۔ صالح۔ شعیب۔ ین کی زبان عربی تھی۔
۶	عورتوں میں سب سے پہلے کس نے عربی زبان میں بات کی	ایک حور نے حوران بہشتی سے	
۷	پہلے کس نے سریانی سے عدول کر کے عربی میں گفتگو کی	یعرب بن قحطان نے	

فصل پنجم متعلق کتب وغیرہ

۱	پہلے کس پر کتاب نازل ہوی	آدم علیہ السلام پر	دس صحیفے

فصل ششم متعلق خط وقلم وانواع کتابت وغیرہ

۱	پہلے کس نے عربی تحریر کی ایجاد کی	اسمٰعیل علیہ السلام نے	وہ بالکل متصل طور پر لکھتے تھے حروف کے درمیاں کچھ فرق

			نہ ہوتا تھا پھر اولاد بیٹوں ہمیع اور قیدار نے جدا جدا حروف لکھنے کی بنا ڈالی۔ اور بعض کے نزدیک ابجد - ہوز - حطی - کلمن - سعفص قرشت - یہ بادشاہوں کے نام ہیں - کتابت عربی کے واضعین بھی ہیں -
۲	پہلے کس نے لکھا	آدم علیہ السلام نے	
۳	عربوں میں پہلے عربی کس نے لکھی	حرب بن امیہ نے	آنحضرت صلعم کے مبعوث ہونے سے قبل یہ عربی لکھا کرتا تھا - اور اس نے اس فن کو عبد اللہ بن جدعان سے حاصل کیا تھا اور اس نے ہود علیہ السلام سے کتابت وحی کے طریقہ سے حاصل کیا تھا -
۴	بسم اللہ الرحمن الرحیم نازل ہونے سے	باسمک اللھم	مکہ میں باسمک اللھم لکھنے کے موجب امیہ تبنا

مہابہ اللہ

نمبر	سوال	نام	کیفیت	ماخذ
	پہلے کتابون کی شروع مین کیا لکھا جاتا تھا		ابی الصلت ہین	
۵	اسلام مین پہلی کتابت صحابہ کرام مین سے کس نے کی۔	عمرؓ عثمانؓ علیؓ ابی بن کعب زید بن ثابت رضی اللہ عنہم نے		
۶	ابتدائی کتاب مین الحمد للہ کے بعد کس نے درود کا ایک فقرہ لکھنا قرار دیا	ہارون رشید نے	یعنے واسأله ان یصلی علی محمد علیه الصلوة والسلام	سیوطی
۷	آخر کتاب مین کتبه فلان جو لکھا جاتا ہے اسکی ایجاد کسنے کی	ابی بن کعب نے		ایضاً
۸	پہلے تاریخ کتب کی کسنے لکھی	یعلی بن امیہ نے	جب وہ یمن مین تھے۔ اور یہہ زمانہ حضرت عمرؓ کے خلافت کا تھا یعنے زمانہ اسلام مین۔	ایضاً
۹	سب سے پہلے رسم الخط پر	احول محرر برمکی نے	جب اوس نے تمام خطوں کی تر	ایضاً

	دنیا میں پہلے کس نے قلم تراشا تھا ۔		عالم میں زور سے نو بہ طریقہ ایجاد کیا ۔
۱۳	جملہ عربی زبان کتابت پہلے کس نے کی	اسمعیل علیہ السلام نے	ہر نبی کا خط جدا جدا زمان میں تھی ۔ آدم علیہ السلام سریانی لکھتے تھے ۔ شیث ولبانی ۔ ادریس ریانی ۔ نوح حزبی ۔ ابراہیم برہمی ۔ اسحق یونانی ۔ موسےٰ عبری ۔ داؤد عربری ۔ سلیمان کاہنی ۔ عیسیٰ رومی ۔ شمعون ادبجی ۔ جرجیس قبطی ۔ دانیال ارمنی ۔ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عربی ۔
۱۴	پہلے فارسی خط کس نے لکھا ۔	طہمورث نے جو تیسرا بادشاہ فارس کا تھا ۔	طہمورث بن ابی جہان برادر جمشید جامع حکمت و خلافت تھا ۔ اور جنات کے ساتھ بھی جنگ کیا کرتا تھا

فصل ہفتم متعلق اشعار و عروض و فنون شعر وغیرہ

۱	پہلے کس نے شعر کہا	آدم علیہ السلام نے	تفسیر طبری میں علی رضؓ سے

حبیب السیر

ایضاً

رسالہ التاریخ

			منقول ہی کہ جسوقت قابیل نے اپنے بہائی ہابیل کو قتل کیا۔ اوسوقت آدم علیہ السلام نے متاسفانہ چند اشعار کہے تہے۔ چنانچہ ایک شعر صرف ہم بلحاظ مناسبت مقام یہان لکہتے ہین تغیرت البلاد ومن علیہا دگرگون شد جہان وساکنانش فوجہ الارض مغبر قبیح زمین را روی گرد آلود رستست
۲	پہلے قصائد وطولانی اشعار کا کس عہد مین رواج ہوا۔	عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف کے زمانہ مین۔	یہان تک ان کے وقت مین شعر گوی کا رواج ہوا کہ تعبیر بمثل دین کے ہوگیا۔ مگر جب آنحضرت مبعوث ہوے اور آپ پر قرآن نازل ہوا تو سب شعرا کی سرد بازاری ہوگئی۔
۳	سب سی پہلے کس نے شعر مین لطافت معنی	امرء القیس نے	ایام جاہلیت مین یہ اشعر الشعرا کے لقب سے موسوم تہا۔ اور جناب

	پیدا کی ۔		رسالتمآب نے اس کے نسبت یہہ فرمایا ان امرء القیس بیدہ لواء الشعر یعنے امرء القیس علمدار شاعروں کا ہی ۔
۴	قوافی شعر کو سب سے پہلے کس نے مستحکم کیا	امرء القیس نے	علماء بصرہ اسکو مقدم الشعرا کہتے تھے اور علماء کوفہ اعشی کو اور اہل حجاز اور اہل بادیہ زہیر کو ۔
۵	رجز طولانی کس نے سب سے پہلو ایجاد کی	اغلب عجلی نے	بعض کہتے ہیں کہ اسی نے پہلے رجز لکھی ۔ رجز مین یہ شخص جیسا یہ امرء القیس ہے ۔ شعر و رجز دونو قدیمی ہین ۔ انمین اولیت صرف بلحاظ ازمنہ مختلفہ اور طبقات متفرقہ کے ہے ۔
۶	سب سے پہلے کس نے کذب شعر میں داخل کیا	مہلہل بن ربیعہ نے	شاعر چار گنے جاتے ہین ۔ امرء القیس ۔ نابغہ ۔ طرفہ ۔ مہلہل ۔ اسلام مین بالاتفاق حسان بن ثابت رض اشعر الشعرا ہین ۔

شیرالعشعرا

ایضاً

طبقات شعرا

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
۷	فارسی مین سب سی پہلے کس نے شعر کو موزون کیا۔	ابو العباس بن حنزہ مروزی نے	ایک نسخہ مین مسعود کو حبوہ و حکیم و یا سے لکھا ہی۔
۸	بیت کے نیچے معانی تفصیلی پہلے کسنے لکھی	ابو الثنیات حسن نے	
۹	حسنت توشیح کی کس نے ایجاد کی۔	ابو عمر صاحب العقد نے	تیسری صدی کے اوائل مین۔
۱۰	علم عروض و اوزان اشعار کا کون واضع ہے	خلیل ابن احمد	۱۷۵ سنہ ہجری مین فوت ہوا۔

فصل ہشتم متعلق اسلام

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
۱	مردون مین پہلے کون ایمان لائے	ابو بکر صدیق رض	
۲	اطفال مین "	علی کرم اللہ وجہہ	
۳	عورتون مین "	خدیجۃ الکبریٰ رض	
۴	غلامون مین "	بلال حبشی رض	
۵	آزاد غلامون مین "	زید بن حارثہ	

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
۶	پہلے کس نے اسلام ظاہر کیا۔	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ ابوبکر وعمار۔ وام سلیم وصہیب وبلال ومقداد رضی اللہ عنہم	
۷	گروہ انصار مین پہلے کون مسلمان ہوے	معاذ بن عفراء ورافع بن مالک رضی اللہ عنہما	مدینہ منورہ سے بقصد قبول اسلام پہلے انہین بزرگوارون نے مکہ معظمہ کا سفر اختیار کیا۔
۸	جنات مین پہلے کون مسلمان ہوا	ہامہ بن ہام بن لاقیس بن ابلیس	اور جو اپنے تمرد وکفر پر رہا وہ شیطان ہوا۔
۹	سب سے پہلے مدینہ مین مسلمانون سے کون داخل ہوا	اسعد بن زرارہ اور ذکوان بن عبد قیس۔	
۱۰	مکہ مین گروہ انصار سے کون پہلے مسلمان ہوے	ابو الہیثم بن تیہان۔	یہ ایام جاہلیت مین بھی بت پرستی سے بیزار تھے۔ اور توحید کے قائل تھے
۱۱	انصار مین سب سے	بنی عبد الاشہل کا	

		پہلے کس کا گھر کا ہر مسلمان ہوا۔		
سیوطی	۱۲	مکہ میں پہلی اسلام کی اشاعت کس نے کی اور مسلمان ہوتے ہی علانیہ نماز کس نے پڑہی	عمر رضی اللہ عنہ نے	
"	۱۳	پہلے مع عیال کے اوائل اسلام مین کس نے حبشہ کی جانب ہجرت کی۔	عثمانؓ بن عفان نے	قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان عثمان لاول من ہاجر باہلہ بعد لوط علیہ السلام
	۱۴	مہاجرین مین پہلے کون حبشہ کو گیا۔	حاطب بن عمر	
اسباب النزول	۱۵	مدینہ کی طرف پہلے کسنے ہجرت کی۔	ابو سلمہ بن عبد اللہ نے	انہی کے نسبت یہ آیت نازل ہوئی فاما من اوتی کتابہ بیمینہ الآیۃ
	۱۶	حدیبیہ مین پہلے کسنے بیعت کی۔	ابو سفیان اسدی نے۔	ان کی شان مین نازل ہے لقد رضی اللہ عن المومنین الآیۃ
سیوطی	۱۷	ہجرت ثانیہ مین کون	خالد بن سعیدؓ	

	سب سی پہلی حبشہ گیا			
۱۸	لیلۃ العقبہ مین کسنے سب سی پہلی بیعت کی	براء بن عازب نے	بعض کہتے ہین ابو الہیثم نے بعض کہتے ہین اسعد بن زرارہ نے۔	
۱۹	مہاجرین مین سے پہلے مدینہ کون گیا	ابو سلمہ بن عبدالاسد		سنہ
۲۰	بیعت الرضوان مین کسنے سب سی پہلے بیعت کی۔	سنان بن ابی سنان نے		ایضاً
۲۱	انصار سے کس بی بی نے پہلے بیعت کی۔	ام عامر اشہلیہ نے	بعض کہتے ہین ام سعد بن معاذ نے	ایضاً
۲۲	ایلچی پہلے حضرت کے پاس کس قوم کے آئے تھے	قوم مضر کے	یہ چارسو آدمی تھے۔	ایضاً
۲۳	ناکتخدا بی بی پہلے جس نے ہجرت کی	ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط	یہ قبیلہ قریش سے ہین۔	ایضاً
۲۴	انبیا مین سے پہلے کسنے ہجرت کی۔	حضرت ابراہیم علیہ السلام	اُسوقت آپکا سن ۶۵ یا ۷۰ برس کا تھا۔	[illegible]

۲۵	ابراہیم علیہ السلام پر پہلی کون ایمان لائی	حضرت سارہؓ	یہ آپ کی چچازاد بہن تھین۔
۲۶	ابراہیم علیہ السلام پر مردون مین سے پہلے کون ایمان لایا	لوط علیہ السلام	یہ آپ کے بھانجے تھے۔
۲۷	پہلا لڑکا جو اسلام مین پیدا ہوا کون ہی	عبداللہ بن عمر بن خطاب ہین	
۲۸	مہاجرین مین کون لڑکا پہلے پیدا ہوا	عبداللہ بن زبیرؓ	
۲۹	اسلام مین ہجرت کے بعد پہلا لڑکا کون پیدا ہوا۔	نعمان بن بشیر	ان کے بالون کے ہم وزن چاندی صدقہ دیگئی تھی۔ اور یہ سنت ہی۔
۳۰	بصرہ مین اسلام کے بعد کون پہلے پیدا ہوا	عبدالرحمن بن ابی بکرہ تابعی	
۳۱	ملک مغرب مین اسلام کے بعد سب سے پہلے کون پیدا ہوا	عبدالرحمن بن زیاد	

رسالہ ۱۶ — ربیع ۱ — ۱۶ — ۱۴ — سنہ — ربیع — سنہ

۳۲	حمص مین پہلے کون پیدا ہوا۔	ادہم بن محرز باہلی۔		سیوطی
۳۳	صحابہ مین سے پہلے کس نے عزلت اختیار کی۔	ابو ذر غفاریؓ	یہ قدوۂ زہاد امت محمدیہ ہین۔	ایضاً
۳۴	مکہ مین پہلے قرآن کس نے بتلایا	عبد اللہ بن مسعود نے		محاضرات الاوائل
۳۵	عیسیٰ علیہ السلام پر پہلے کون ایمان لایا	۱۲ امرد حواری		
۳۶	عیسیٰ علیہ السلام کی تصدیق پہلے کسنے کی۔	یحییٰ ع نے	اسوقت آپ تین برس کے تھے	مسامرة اللبیب
۳۷	پادشاہون مین پہلے حضرت عیسیٰ پر کون ایمان لایا	قسطنطین	قیصر کا لقب پہلے اسنے اختیار کیا	تاریخ المغرب
۳۸	دین عیسوی کی پہلے کسنے حمایت کی	قسطنطین	قلعۂ قسطنطنیہ بھی اسی نے بنایا	مسامرة تاریخ کبیر

۳۹	اور یہودیون سے لڑا ۔ قلم کے بعد خدا نے کسکو پیدا کیا ۔	لوح محفوظ کو		جواب الجوب

فصل نہم متعلق وحی بعثت محمد علیہ الصلوۃ والسلام

۱	وحی کی ابتدا کس چیز سے ہوی ۔	سچے خوابوں سے		اتقان
۲	نبوت کی پہلی علامت کیا تھی ۔	ستر عورت	یہ علامت خصوصیات آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہی ۔ یعنے آپ کو عالم طفلی ہی مین ستر کا حکم ہوا ۔	سیوطی
۳	آنحضرت کی نبوت کی خبر پہلے مدینہ مین کیونکر ہوی ۔	جن نے پرندہ بنکر خبر دی ۔	ایک جن ایک عورت کا تابع تہا وہ بہیئت پرندہ اوسکے پاس آیا ۔ اور دیوار پر آبیٹہا اور اوسنے حسب معمول اوسکو بلایا ۔ مگر اوسنے انکار کیا ۔ اور کہا کہ مکہ مین نبی ہاشمی مبعوث ہوی ہین جو جن وانس پر	سیوطی

(ریمارک)

			زنا کو حرام کرینگے۔
۴	نبوت کے بعد حضرت کی تعلیم کس سے نے پہلے کی۔	اسرافیل علیہ السلام نے	تین سال تک تعلیم دیتی رہی بعد اوسکے واسطہ جبرئیل کے بیس سال تک قرآن مجید نازل ہوا۔
۵	سب سے پہلی تعلیم آنحضرت کو بواسطۂ جبرئیل کے کیا ہوی	اعوذ باللہ اور بسم اللہ الرحمن الرحیم	
۶	مکہ مین پہلے کونسی سورۃ نازل ہوی۔	اقرأ باسم ربک	بعض کہتے ہین سورۂ مدثر۔ اور بعضی کہتے ہین سورۂ فاتحہ۔ ابن عباس کا یہ قول ہی کہ پہلے مزمل نازل ہوی پہر مدثر۔
۷	حروف مقطعات مین پہلا حرف کون ہے۔	الف ہی۔	حدیث شریف مین وارد ہی کہ حرف الف سردار حروف کا ہی۔ اور آیۃ الکرسی سردار آیات کی ہی۔
۸	پہلے کون سورۃ نازل ہوی۔	فاتحہ	
۹	نبوت سے کے متعلق	اقرأ باسم	رسالت کے متعلق مدثر۔

نمبر	سوال	جواب	کیفیت	حوالہ
	کون سورۃ نازل ہوئی			
۱۰	مدینہ مین سب سے پہلے کون سورۃ نازل ہوی۔	سورۂ بقر	بعض کہتے ہین سورۂ مطففین اور بعض سورۂ حمد کہتے ہین۔	سیوطی
۱۱	قتال کے متعلق پہلے کونسی آیت نازل ہوی۔	اذن للذین یقاتلون بانهم ظلموا۔	بعض کہتے ہین وقاتلوا الذین یلونکم من الکفار	اتقان
۱۲	شراب کی حرمت مین کون آیت پہلے نازل ہوی۔	یسئلونک عن الخمر والمیسر الآیہ		ایضاً
۱۳	اطعمہ کے نسبت مکہ مین پہلے کون آیت نازل ہوی۔	قل لا اجد فیما اوحی الی محرما الآیہ۔	اور مدینہ مین یہ آیۃ نازل ہوی انما حرم علیکم المیتۃ الخ	ایضاً
۱۴	مساجد مدینہ مین سب سے پہلے کس مسجد مین قرآن پڑھا گیا۔	مسجد بنی زریق مین۔		سیوطی
۱۵	پہلے کس سورت مین	سورۂ نجم مین		ایضاً

نمبر	سوال	جواب	کیفیت	حوالہ
	سجدہ کا حکم ہوا۔			
۱۶	سورۂ آل عمران میں سے پہلی کس قدر آیت نازل ہوی	ان ھذا بیان للناس وھدی وموعظۃ للمتقین	باقی سورت احد کے دن نازل ہوی۔	اتقان سیوطی
۱۷	سورۂ برات مین پہلے کون آیت نازل ہوی۔	لقد نصرکم اللہ فی مواطن کثیرۃ۔		ایضاً
۱۸	شریعت مین پہلی کونسی چیز منسوخ ہوی	قبلہ		ایضاً
۱۹	رویاء صادقہ کی ابتداء قبل از وحی کب ہوی۔	ربیع الاول مین		ایضاً
۲۰	پہلے کس نے مصحف کا نام مصحف رکھا۔	ابوبکر صدیق رض نے	حبشہ بھی مصحف کہا کرتے تھے پس آپ کے تسمیہ کے ساتھ موافقت ہوگئی۔	اتقان
۲۱	پہلے توریت مین کونسی آیتین نازل	سورۂ انعام کی دس آیتین		ایضاً

حوالہ	نمبر	سوال	جواب	کیفیت
		ہوئین۔	بسم اللہ الرحمن الرحیم قل تعالوا اتل ما حرم ربکم علیکم	
ابن عباس	۲۲	کونسی سورت پہلے یاد کی گئی اور پھر بھی گئی	بنی اسرائیل کہف مریم۔ طٰہٰ آسماء	اوائل اسلام مین ان سورتونکی تقدیم وتاخر گویا اختلافی ہے۔
[illegible]	۲۳	پہلے قرآن مین سے کیا نازل ہوا۔	وہ سورۃ مفصل جسمین بہشت ودوزخ کا بیان ہے۔	
ایضاً	۲۴	بسم اللہ الرحمن الرحیم پہلے کسپر نازل ہوا	سلیمان علیہ السلام	
[illegible]	۲۵	وحی پہلے کس مہینہ مین نازل ہوی۔	رمضان المبارک مین۔	

فصل دہم مخصوص بابراہیم وآل ابراہیم

حوالہ	نمبر	سوال	جواب	کیفیت
ایضاً	۱	پہلے کس نے ہجرت کی	ابراہیم ع نے	
[illegible]	۲	سب سے پہلی ابو الانبیاء کا	حضرت ابراہیم ع کو	کیونکہ آپ کی پشت سے ہزارہی

	حطاب کسکو ہوا		پیدا ہوا۔
۳	ابراہیمؑ کو پہلے کسنے عدو اللہ کہا	نمرود نے	
۴	طریقہ مہمانداری پہلی کس نے اختیار کیا	ابراہیمؑ اسلئے	اسیواسطے پہلے ابوالضیف آپ کا خطاب ہوا۔
۵	پہلے حجامت کس نے بنائے۔	"	
۶	رسولون مین آزمایش پہلے کس سے ہوی	"	واذا بتلی ابراھیم ربہ الآیۃ اسیکے طرف اشارہ ہی۔
۷	ازار پہلے کس نے پہنی۔	"	آپ مین انتہا درجہ کی حیا تھی۔
۸	پہلے کس نے بت شکنی کی	"	
۹	نماز مین پہلے کسنے رفع یدین کیا	"	
۱۰	پہلے کس کی ختنہ ہوی۔	"	موضع قدوم مین آپ کی ختنہ ہوی اوسوقت سن شریف اسی برس کا تھا۔ اسمٰعیل علیہ السلام کی ختنہ تیرھوین سال ہوی۔ اور اسحق کی

تاریخ الخمیس
اصول التداریخ
=
=
=
=
=

نمبر	سوال	جواب	کیفیت	حوالہ
			ساتوین روز۔	
۱۱	عورتون مین پہلے کس کی ختنہ ہوی	ہاجرہ کی	یہ ابراہیم علیہ السلام کی جاریہ تھی	اصول الاوائل
۱۲	سب سے پہلے کس کے بال سفید ہوے۔	ابراہیم ؑ کے		تاریخ القدس
۱۳	پہلے بغلین کس نے پہنے۔ اور بالون مین کنگی کس نے کی	"		"
۱۴	ناخن اور مونچھون کو کسنے پہلے کٹوایا۔	"		"
۱۵	بغل کے بال پہلے کس نے لیئے۔	"		"
۱۶	زیر ناف کے بال پہلے کس نے لیئے	"		"
۱۷	چپکولیان پکوا کر پہلے کس نے مہمان کو کھلایا	"		"
۱۸	پہلے ناک مین پانی	"		"

	کس نے لیا اور کلی کس نے کی۔			
۱۹	مصافحہ اور معانقہ پہلے کس نے کیا۔	ابراہیمؑ نے	ثقات مورخین سے منقول ہے کہ حرم مکی مین سکندر ذوالقرنین کیسے آپ نے معانقہ کیا۔ اور اون کو ایک جھنڈا عطا فرمایا۔	ناسخ القدس
۲۰	مناسک حج اور قربانی کے پہلے کسنے قائم کیے	〃		=
۲۱	منبر پر پہلے کس نے خطبہ پڑھا	〃	حدیث مین آیا ہے انی اتخذت المنبر فقد اتخذه ابراہیمؑ یعنی مین نے منبر بنایا۔ اسلئے کہ حضرت ابراہیمؑ نے بھی بنایا تھا۔	=
۲۲	پہلے خدا نے حنیف کسکا نام رکھا۔	〃	ما کان ابراہیم یہودیا ولا نصرانیا ولکن کان حنیفا مسلما۔	=
۲۳	پہلے کس نے اپنی جان کو خدا کے لئے آگ مین ڈالدیا اور	〃		=

		کسکے دعا سے مردے زندہ ہوئے۔		
نہج العرس	۲۴	قیامت کے روز پہلی کون سفید کپڑے پہنے گا۔	ابراہیمؑ	
"	۲۵	مصافحہ اور معانقہ مین پیشانی کا بوسہ پہلے کس نے لیا۔	"	
"	۲۶	جمعہ کا غسل کسکی سنت ہے۔	"	
نہج	۲۷	پہلے حج کے واسطے لوگون کو کسنے بلایا۔	"	
"	۲۸	مسلمانون کا نام حنفا پہلے کسنے رکھا	"	
نہج	۲۹	قیامت کے روز پہلے کون لباس پہنیگا	"	اور آنحضرتؐ لباس جنت زیب تن فرماوین گے۔

فصل یازدہم

متعلق حج وطواف ومسجد حرام ومناسک ومشاعر

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
۱	پہلے حج وطواف کس نے کیا۔	ملائکہ نے	
۲	صفا مروہ مین پہلے کس نے سعی کی	ہاجرام اسمعیل علیہ السلام نے	
۳	پہلی عبادت وبرکت کا گھر کونسا بنایا گیا۔	مکہ معظمہ	اگرچہ اسکے پہلے بھی بہت گھر تھے مگران خصوصیات کے ساتھ اسکو اولیت ہے
۴	انصاب حرم کو پہلے کسنے قائم کیا۔	ابراہیم علیہ السلام نے	
۵	مقام عرفہ کو عرفات سے کس نے پہلے موسوم کیا	جبرئیل ع نے	مناسک حج کی تعلیم جو ابراہیم علیہ السلام کو جبرئیل علیہ السلام نے کی تھی وہ اس مقام پر ختم ہوئی گویا یہ آخر مشاعر حج ہے جبرئیل علیہ السلام نے آپ سے پوچھا عَرَفْتَ یَا اِبْرَاھِیْمُ تو آپ نے کہا عَرَفْتُ پس اسی مناسبت سے اس مقام کا نام عرفات رکھا گیا ہے
۶	کعبہ کو قواعد اولیہ کے موافق کسنے بنایا۔	ابراہیم ع نے	

نمبر	سوال	جواب	کیفیت	حوالہ
۷	پہلے زمزم کس کے لئے جاری ہوا۔	اسمٰعیل ع کے لئے	ان کی والدہ نے صفا و مروہ کی سعی کے وقت اپنے بچہ کے لئے پانی کی درخواست کی تو یہ چشمہ جاری ہوا سب سے پہلے انہی نے صفا و مروہ کی سعی کی	فتوحات
۸	بیت الحرام کے نیچے جو خزانہ ہے اسکو پہلے کس نے دفن کیا۔	ابراہیم ع نے		ایضاً
۹	پہلے آب زمزم کس نے پیا	اسمعیل ع نے		ایضاً
۱۰	چاہ زمزم کو کس نے پہلے کھودا	عبدالمطلب نے	خواب میں اسکی ہدایت آپ کو ہوئی تھی جس کی تفصیل تاریخ مکہ میں موجود ہے۔	تاریخ مکہ
۱۱	پہلے کس نے تبرکاً زمزم کو اپنے ساتھ رکھا	آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام نے	یہ شفاء امراض کا بھی باعث ہے۔ اسکے متعلق بہت سے اقوال مشہور ہیں امام اعظم رح کہتے ہیں کہ میں نے علم اور فقاہت کی نیت سے زمزم پیا تھا۔	ایضاً
۱۲	طواف کے بعد رمی جمار	ابراہیم ع نے	جب آپ اسمٰعیل علیہ السلام کے ذبح کرنے کو	سیوطی

نمبر	سوال	کس نے	کیفیت
	پہلے کسنے کی ۔		آمادہ ہوے شیطان حائل ہوا تو اُسوقت آپنے اُسکو پتہر سے مارا ۔
۱۳	زمزم کی گچکاری اور اُسکا فرش مرمریں پہلے کسنے بنایا ۔	ابو جعفر منصور نے	
۱۴	کعبہ مین داخل ہوتے وقت تعظیماً موزہ اور نعلین کو پہلے کسنے اُتارا	ولید بن مغیرہ نے	پہر یہ سنت جاری ہوگئی ۔
۱۵	کعبہ کے لیئے غلاف سب سے پہلے کسنے بہیجا	بادشاہ یمن نے جسکا نام تبع تہا ۔	
۱۶	کعبہ پر دیباج کا غلاف عورتون مین پہلے کسنے چڑہایا ۔	والدۂ عباس بن عبد المطلب نے	طفلی مین جب عباس گم ہوگئے تہے تو انہون نے نذر مانی تھی ۔
۱۷	مسجد حرام مین بیت المال پہلے روشنی کسنے کی اور کعبہ مین خوشبو کو مجمر مین کس نے جلایا ۔	معاویہ بن ابی سفیان نے	یہ روشنی زیتون سے کی جاتی ہے ۔

۱۸	غلاف کعبہ کو پہلے کس نے کعبہ پر سے نکالا۔	معاویہ بن ابی سفیان نے	یعنے ایام جاہلیت کی غلاف کو آپ نے نکالا تھا۔
۱۹	دوہرہ غلاف کعبہ پر پہلے کس نے ڈالا۔	یعلی بن منبہ نے	یہ عثمان رضی اللہ عنہ کے جانب سے عامل مین تھے۔ اور انہین کے حکم سے ایسا کیا گیا تھا۔
۲۰	حج کے دنون مین مازمین کے درمیان عرفہ کے رستے مین روشنی کس نے کی۔	معتصم باللہ نے	سنہ ۲۱۹ ہجری مین سرقہ کے خوف سے روشنی کی گئی تھی۔
۲۱	رکن اسود کو نماز کے قبل اور بعد اتمہ مین کسنے پہلے بوسہ دیا	ابن زبیر نے	اپنی خلافت کے زمانہ مین۔
۲۲	عورتون اور مردونکو طواف مین پہلے کسنے علیحدہ کیا۔	خالد بن عبد اللہ قسری نے	یہ عبد الملک کی زمانہ مین شریف مکہ تھے
۲۳	پہلے صفوف کا حلقہ کعبہ کے طواف کی لئے	ایضاً	

رتبیہ
رتبیہ
رتبیہ
رتبیہ
رتبیہ

	کسنے باندھا۔		
۲۴	جمعہ کے روز دوسری اذان کے لئے سطح مسجد پر سائبان سب سے پہلی کس نے بنایا۔	ہارون رشید نے	
۲۵	مکہ میں کس نے پہلی کنوان کہدوایا۔	قصی بن کلاب نے	بعض کہتے ہیں کہ بسیرہ نامی ایک عورت نے خارج حرم کنوان کہدوایا تہا۔
۲۶	مکہ مین منبر پر کہڑے ہو کر پہلے کس نے خطبہ پڑہا	معاویہؓ نے	منبر تین درجہ کا انہیں کی بنا ہے۔ اگرچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ مین تو سو منبر جامع مسجد کے محرابوں مین رکہوائے گئے ہیں۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ صرف کچہ ترکیب کے بدلنے مین انکو اولیت ہے۔
۲۷	کعبہ کی دیوار پہلے کس نے بنائی۔	عامر بن عمرو ازدی نے	
۲۸	مکہ مین آکر خود بسی ہوئی [illegible]	کعب بن لوی	

معلو، رحج ولواف، ... سیدہ ... کاشاعر

		پہلے لڑکا کون پیدا ہوا		
سیوطی	۲۹	مکہ مین دروازہ پہلے کسنے بنایا	عبدالرحمن بن سہیل نے	عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے اجازت حاصل کرکے یہ دروازہ بنایا گیا تھا کیونکہ دروازہ نہونے سے مسافرین کے مال و اسباب کی چوری کا خیال تھا عبدالرحمن بن سہیل نے اپنی ذمہ داری کے لحاظ سے یہ درخواست کی تھی۔
"	۳۰	ابطح یعنے کنکریلی زمین مکہ مین حُجاج کے لئے پہلے سقایہ کسنے بنایا۔	قصی بن کلاب	یہہ سقایہ چاہ زمزم سے پہلے بنایا گیا تھا
"	۳۱	حُجاج کے لئے کجاوی پالان ہودج پہلے کسنے بنائے۔	حَجاج بن یوسف نے	
"	۳۲	پہلے پالان کس نے بنائے۔	علان بن زبان نے	
"	۳۳	پالان پر پردہ پہلی	عثمان بن عفان رضی کے لئے	

نمبر	سوال	جواب	کیفیت	حاشیہ
	کسکے لیے لگایا گیا			
۴۴	منبر مسجد نبوی پر قبطی چادر پہلے کسنے ڈالی۔	عثمانؓ بن عفان نے		سیوطی
۴۵	صحابہ مین پہلے کس امر مین اختلاف ہوا	حج وعمرہ مین	حضرت عثمان رض نے حج کا احرام کیا تھا۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے عمرہ کا۔	
۴۶	حج کے بعد سب سے پہلے کسنے سر منڈہوایا	آنحضرت علیہ الصلوٰة والسلام نے	اوسوقت حاضرین نے موی مبارک تبرکًا لے لئے۔	تنقیح الصحایح
۴۷	پہلے آنحضرت صلعم کے سر کے بال کس نے کاٹے۔	معاویہؓ نے	حجة الوداع مین مروہ کے نزدیک قینچی سے معاویہؓ نے بال تراشے تھے اور اسکے اترے ہوے موی مبارک ابو طلحہؓ انصاری نے آنحضرتؐ کے حکم سے لیکر تقسیم کیے۔	سیوطی
۴۸	پہلے کونسی بہشتی چیز روی زمین سے مفقود ہوگی۔	رکن یعنی حجر اسود		

۳۹	سب سے پہلے کس نے سر مونڈا	جبرئیل نے آدمؑ کا	
۴۰	ابراہیم علیہ السلام کے بعد کعبہ کو پہلے کسنے بنایا۔	قصی بن کلاب نے	
۴۱	مسجد حرام کی دیوار پہلے کسنے بنائی۔	عمر رضی اللہ عنہ نے	
۴۲	مسجد حرام کے گرد پہلے کسنے قبے بنائے	سلطان مراد خان عثمانی نے	

فصل دوازدہم متعلق جہاد و سلاح وغیرہ

۱	پہلے کس نے قتل وجہاد کیا۔	ستیث نے	
۲	پہلے کسنے خدا سے انحراف کیا اور بدعتیں ایجاد کیں۔ اور مستحق قتل بنا۔	قابیل نے	

۳	شمشیر وہتیار کس نے پہلے ایجاد کی۔	ادریس علیہ السلام نے	
۴	پہلے کس نے فوج کی اور علم تیار کیے	ابراہیم علیہ السلام نے	
۵	فوج کی ترتیب اور میمنہ ومیسرہ وقلب وخلف وقدام وغیرہ کی قرارداد پہلے کس نے کی۔	ایضاً	
۶	زرہ کی کس نے ایجاد کی۔	داؤد علیہ السلام نے	
۷	گھوڑے کی کسنے پہلے سواری کی۔	اسمٰعیلؑ نے	
۸	ہوای جنوبی سے پہلی کون پیدا ہوا	گھوڑا	قال ابن عباس رضی اللہ عنہما قال لما اراد اللہ تعالی ان یخلق الخیل اوحی الی ریح الجنوب انی خالق منک خلقا فاجتمعی فاجتمعت فامر جبرئیل فاخذ منها قبضةً فخلق

			فرسا کمیتا۔
۹	پہلے جو خچر مدینہ منورہ کو بہیجا گیا کیا رنگ تہا	شہبا یعنے سفید سیاہی مائل	قروہ بن جذامی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے ہدیہ بہیجا تہا۔
۱۰	خچرون کی بچہ کشی پہلے کس نے کی	قارون نے	بعض کہتے ہین کہ فریدون نے اور یہی صحیح ہی۔
۱۱	پہلے کسنے جہاد مین تیر چلایا۔	سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے	
۱۲	پہلے صحابہ مین کسنے اپنی تلوار سے دشمنون کا خون بہایا	زبیر بن عوام رض نے	آنحضرت ص نے فرمایا بارک اللہ علیک وعلی سیفک
۱۳	پہلے لافتی الا علی کس وقت مین کہا گیا	جنگ احد مین	یہ خطاب آنحضرت م سے آپ کو مرحمت ہوا تھا
۱۴	آنحضرت نے پہلے جھنڈا مدینہ مین کسکو دیا	حمزہ رضی اللہ عنہ کو۔	
۱۵	پہلے جالوت سے کسنے جنگ کی۔	داؤد علیہ السلام نے	
۱۶	صحابہ مین پہلے کسنے جنگ کی۔	علی کرم اللہ وجہہ نے۔	یا حمزہ رض۔ ان دونون بزرگون کے شان مین یہ آیت نازل ہوی

			ھٰذان خصمان اختصموا فی ربھم الآیۃ
۱۸	لوہے کی رکاب پہلی عرب میں کسنے بنائی	مہلب بن ابی صفیرہ نے	اسکے پہلے عرب لکڑی کی رکاب کا استعمال کرتے تھے۔
۱۹	منجنیق سب سے پہلے کس نے بنائی۔	خزیمہ بن مالک نے	
۲۰	پہلے تیر مشرکوں پر آنحضرت کے لئے کسنے چلایا۔	طلیب بن عمیر بن وہب نے	ایک مشرک نے آنحضرت کی شان میں بے ادبی کی۔ اسلئے اسنے غصہ ہوکر اوسکا سر تیر سے زخمی کیا۔
۲۱	پہلی عورت مومنین سے کسنے مشرک کو قتل کیا	صفیہ رضی عمہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے	
۲۲	اسلام میں پہلے کسکا سر ایک شہر سے دوسرے شہر کو بھیجا گیا۔	محمد بن ابی بکر کا	معاویہ و عمرو بن العاص کے زمانہ میں
۲۳	پہلی اسلام میں نیزہ پر کسکا سر چڑھایا گیا	ابی عزہ جمحی کا	آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کی گردن ماری تھی۔
۲۴	پہلا جہاد جس میں	ماہ صفر میں	

ماخذ	نمبر	سوال	جواب	کیفیت
		آنحضرت خود شریک ہوے کس مہینہ مین تھا۔		
سیوطی	۲۵	سب سے پہلے جنگ بدر مین مسلمانون مین کون شہید ہوا۔	مہجع	عمر رضی اللہ عنہ کا آزاد غلام
تفسیر ابواللیث	۲۶	جنگ احد مین سب سے پہلے کون شہید ہوے	عبداللہ بن عمرو بن حرام	جابر رضی اللہ عنہ کے والد۔
سیوطی	۲۷	مواقع جہاد مین پہلا موقع جس مین کثرت سے مجمع ہوا کونسا تھا۔	جنگ بدر	
"	۲۸	مسلمانون مین پہلے اسیر کون تھے۔	عثمان بن عبداللہ اور حکم بن کیسان	
"	۲۹	پہلے کسنے مشرک کو قتل کیا۔	واقد بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے	یہ صحابی تھے۔ اور بدری بھی ہین انہون نے عمرو بن حضرمی کو قتل کیا تھا
"	۳۰	علم پہلے کسوقت ہوے	جنگ حنین مین	اسکے پہلے عرب مین لواء کا استعمال تھا۔
"	۳۱	حضرت کی وفات شریف کے	اسامہ رض کی	

نمبر	سوال	جواب	کیفیت	حوالہ
	بعد کسکی فوج مدینہ سے پہلے نکلی۔			
۳۲	پہلی امیرامراجہادین کون تھے۔	عبد اللہ بن جحش رض	اسلام مین	سیرت حلبی
۳۳	پہلی جھنڈا اسلام مین کسنے بلند کیا۔	"	ایضًا	"
۳۴	پہلا شہید امرار اسلام مین کون ہے۔	ابراہیم بن حسین المہران رح	فتح عقلان بن۔	[illegible]
۳۵	پہلے اسلام مین گھوڑے پرسوار ہوکر کسنے لڑا۔	مثنی بن حارثہ شیبانی رض نے		[illegible] فی السوانح
۳۶	جنگ مین پہلی کسنے تقویت قلوب کی لئے تخت پر جلوس کیا	حجاج بن یوسف نے		اوائل سیوطی
۳۷	پہلے مجاہدین کی رکاب کس نے تہامی	ابن عمر رض نے	مجاہد رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے وہ کہتے ہین کہ مین بغرض جہاد سوار ہورہا تھا کہ ابن عمر میرے پاس	[illegible] المجاہدین

			آے تاکہ میرے رکاب کو ہاتھ دین اون کی بزرگی کے لحاظ سے انکار کیا مگر اونھون نے کہا کہ کیا تم مجکو ثواب سے روکتے ہو۔

فصل سیزدہم متعلق خلافت سلطنت امارت حکام

تاریخ بیضاوی	۱	زمین پر خلافت کا مرتبہ پہلے کسکو ملا۔	آدم علیہ السلام کو	
نظم التواریخ	۲	پہلے کس نے اولاد آدم کو اقطار عالم مین متفرق کر دیا	مہلائیل بن قینان نے	
"	۳	پہلے کس شہر مین خلافت محمدیہ کی بنیاد قائم ہوی۔	مدینہ منورہ میں	علی کرم اللہ وجہہ کے خلافت مین کوفہ مستقر خلافت ہوا۔
نظم التواریخ	۴	شاہان فارس کے پہلے طبقہ کا نام کیا ہے	پیشدادیان	
"	۵	پادشاہان اسلام کا	خلفای راشدین	

۶	پہلا طبقہ کون ہے خلیفہ اول بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کون ہے	ابوبکر صدیق رض	
۷	اپنے باپ کی زندگی مین اولا کون خلیفہ ہوے	ایضاً	
۸	پہلے ابوبکر صدیق رض نے انتظام مسلمین کا کام کسکو تفویض کیا	عمر رض کے	
۹	پہلے کون خلیفہ امیر المومنین کے لقب سے ملقب ہوے	عمر رضی اللہ عنہ	
۱۰	پہلے بیت المال کسنے مقرر کیا۔	"	بعض کہتے ہین کہ خلیفہ اول کے وقت مین اسکی ایجاد ہوی جہاں اسکا پورا پورا انتظام آپ کے زمانہ مین ہوا۔
۱۱	پہلے کن خلیفہ نے شہر آباد کیے۔	"	آپنے مشرق مین بصرہ بسایا مصر مین فسطاط وعلی ہذا القیاس
۱۲	پہلے کن خلیفہ نے	"	

سب کچھ
"
اصول التاریخ
سب کچھ
"
"
"

	نمبر	سوال	جواب	کیفیت
		مغرب و مشرق مین لشکر مرتب کیا		
سنہ یحییٰ	۱۳	خانہ مین پہلے کسنے مصر سے مدینہ کو غلہ روانہ کیا۔	عمر رض نے	
=	۱۴	بیت المال کا بندوبست بتقرر عملہ وغیرہ پہلے کسنے کیا۔	ایضاً	
=	۱۵	سنہ ہجری کسنے مقرر کیا۔	"	ہجرت اگرچہ ۴ ربیع الاول کو ہوی تھی - لیکن آپ نے محرم کی پہلی تاریخ سے سال کا حساب شروع کیا - جو اسوقت تک رائج ہے اور اسلام کے ساتھ ہمیشہ باقی رہیگا
=	۱۶	پہلے کون خلیفہ اپنی مان کی حیات مین وارث ہوے۔	عثمان رض	
=	۱۷	پہلے عثمان رضی اللہ عنہ	علی کرم اللہ وجہہ نے	

نمبر	سوال	جواب		حاشیہ
	کے ہاتھ پر کس نے بیعت کی۔			
١٨	پہلے مجاہدین کے لئے کس نے قطعات زمین جدا جدا مقرر کیے۔	علی کرم اللہ وجہہ نے		سیوطی
١٩	پہلی اس امت پر کونسی بلا نازل ہوی۔	قتل عثمان رض		=
٢٠	بنی ہاشم کے پہلے خلیفہ کون ہین۔	علی بن ابیطالب کرم اللہ وجہہ		=
٢١	پہلے حضرت علی رض سے کس نے بیعت کی	طلحہ رضی اللہ عنہ نے		تاریخ الخلفا
٢٢	خلفا مین حوض کوثر پر پہلے کسکا ورود ہوگا	علی کرم اللہ وجہہ کا		سیوطی
٢٣	پہلے کس نے قضیہ فیصل کیا۔	〃		=
٢٤	لوگون کے حالات معلوم کرنیکے لئے پہلے	〃		=

	دفتر یا ناکس نے مقرر کیا			
۲۵	پہلے کس نے خلافت سے دست کشی کی۔	حسن بن علی رضی	جناب رسالت مآب نے آپ کے نسبت فرمایا کہ ان ابنی ھذا سید وسیصلح اللہ بہ بین فئتین عظیمتین من المسلمین آپ کی دست کشی اس ارشاد کی تعمیل تھی۔	سیوطی
۲۶	پہلا بادشاہ اسلام میں کون ہے۔	معاویہ بن ابی سفیان رض		سیرۃ الخلفا
۲۷	دونوں خطبوں کے درمیان کس خلیفہ نے پہلے جلسہ کیا۔	"	انہوں نے انیس سال خلافت کی۔ اور بیس برس نیابت خلفاء کی کی۔ آپ کی مہر میں یہ الفاظ کندہ تھے لکل عمل ثواب	سیوطی
۲۸	پہلے کس خلیفہ نے اسلام میں قاصد مقرر کئے	"		
۲۹	پہلے کس خلیفہ نے صاحب نگہبان مقرر کیا	"		

نمبر	واقعہ	کس نے	کیفیت	حوالہ
۳۰	عدالت کی کچہری پہلی کس نے مقرر کی	سلطان صالح نورالدین شہید نے	اسلام مین۔	تاریخ الخلفاء
۳۱	خلفا مین بحری جنگ پہلے کسنے کی۔	معاویہ رض نے	اس جنگ مین قبرس فتح ہوا وہان جامع مسجد بنی۔ اس سفر مین ہزار جہاز ہمراہ تھے۔	حبیب السیر
۳۲	پہلی کسکو لئے السلام علیک یا امیر المومنین ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہا گیا۔	امیر معاویہ رض کی لئے		اوائل سیوطی
۳۳	پہلی کسنے جعلی مہر بنائی۔ اور خراج وصول کیا۔	معن بن زایدہ نے	خلافت عمر رضی اللہ عنہ مین مگر اس جرم کی پاداش مین یہ قید بھی ہوگیا۔	
۳۴	پہلے کسنے اپنی فوج سے حلف لیا۔	امیر معاویہ رض نے	اطاعت کی سلئے۔	"
۳۵	حالت صحت مین اپنا ولیعہد پہلے کسنے مقرر کیا۔	"	یزید کو ولیعہد کیا۔ کیون کہ اسمین سیاست کا بہت بڑا مادہ تھا۔ مگر ویسا ہی شیر النفس بھی تھا۔	تاریخ الملوک
۳۶	پہلی کسنے راگ رنگ	یزید نے		سیوطی

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
	مے نوشی اور فسق اختیار کیا۔		
۳۷	پہلا بادشاہ ہو نہین ہے جسپر لعنت کی گئی اور جسکی عہد حکومت مین کعبہ منجنیق سے ڈہایا گیا کون ہے	یزید	اسکے زمانہ مین اہل بیت اور اصحاب کرام کی اہانت ہوئی۔ معاذ اللہ۔
۳۸	پہلی بادشاہ ہو نہین کسکو جبار کا لقب ملا	نمرود بن کنعان کو	یہ بڑا متکبر تھا۔
۳۹	گھوڑون کو طلائی سامان پہلی کسنے پہنایا۔	معتز باللہ نے	اسلام مین۔
۴۰	پہلی کسنے سیاہ جھنڈیان اور سیاہ پھریری نکالی اور خراسان سے نکلا	ابومسلم خراسانی نے	
۴۱	خلفای عباسیہ کا	عبداللہ بن محمد سفاح	چونکہ اسنے بہت سی مبطلین کا خون

	پہلا خلیفہ کون تھا۔		بہایا تہا۔ اسلئے اسکا لقب سفاح تہا
۴۲	اسلام مین پہلی کسنے لقب وزیر اختیار کیا	ابوسلمہ حفص بن سلیمان نے	یہ خلیفہ سفاح کا وزیر تھا۔
۴۳	پہلے کسنے قواعد سلطنت اور ملک کو ہتم بالشان کیا	عبدالملک بن مروان نے	
۴۴	پہلے زبان خاص و عام پر کسکا لقب وزیر مشہور ہوا۔	ابوسلمہ کا	وزیر سفاح
۴۵	پہلے کسنے خلیفہ کا لقب اپنے لئے تجویز کیا	ابوجعفر منصور نے	یہ سفاح کا بھائی تہا۔ بغداد کی تعمیر اسیکے وقت مین ہوئی۔ محل کسرا اور مدائن کو اسی نے منہدم کیا۔
۴۶	پہلے کسنے اسلام مین سلطان کا لقب اختیار کیا۔	محمود بن سبکتگین نے	خلیفہ قادر باللہ سے یہ لقب دیا تھا پہلے انکا لقب یمین الدولہ تہا۔ بعد فتح دیلم و قتل روافض و مجوس وغیرہ کے سلطان کا لقب ملا۔ ان کے زمانہ مین اسلام کی بڑی رونق ہوی۔

حاصیہ رہاسہ... تاریخ الخلفا

۴۷	سلاطین ایوبیہ مین پہلا کون تھا۔	صلاح الدین بن یوسف بن ایوب	مصر مین۔
۴۸	خاندان دیالمہ کا پہلا بادشاہ جو دولہ کے لقب سے ملقب ہوا کون تھا۔	ابو الحسن بن بویہ۔	اسکا لقب عماد الدولہ تہا۔ جو المکتفی باللہ نے اُسکو دیا تہا۔
۴۹	سلاطین عثمانیہ مین پہلے کسنے سلطان غازی کا لقب حاصل کیا	عثمان خان نے	اسکے نام کے ساتہہ یہ الفاظ بھی لکھے جاتے ہین السلطان الغازی المؤید المنصور۔
۵۰	پہلے کسنے ملت اسلام مین خیانت کا بیج بویا اور جامع مسجدون مین خطبون کا پڑہنا موقوف کرایا۔ اور متعہ کا رواج دیا۔ بلکہ اس سے گزر کر جمع بین الاخوات والنحلات اور لواطت کا	شاہ اسمٰعیل بن حیدر بن جنید بن ابراہیم بن شیخ خواجی بن صدر الدین بن شیخ صفی الدین اردبیلی نے۔	

تاریخ بغداد

تاریخ آل عثمان

	رواج دیا۔		
۵۱	قزلباشوں مین کس نے پہلے تمرد و بغاوت اختیار کی۔	شیخ جنید بن ابراہیم اردبیلی نے	
۵۲	پہلے کون بادشاہ مصر مین داخل ہوا اور چراکسہ کی لشکر کو متفرق کر دیا۔ اور سلطان حرمین نام رکھا گیا۔	سلیم خان عثمانی	ملوک عثمانیہ مین پہلے یہی عراق عجم مین داخل ہوا۔
۵۳	وزراء عثمانیہ مین سے پہلے کون جبل الفتح اور باب الابواب کے لیے لڑا۔ اور فتحیاب ہوا۔	عثمان پاشا بن اوزدمور	اسنے ملک عراق کو تباہ کیا اور اہل تشیع کی بیخ و بنیاد کو وہان سے اوکھیڑا۔ اور جبل الفتح پر قلعہ بنایا
۵۴	پہلا خلیفہ جس نے بخل اختیار کیا۔ اور	عبدالملک بن مروان	اسکے پہلے عام اجازت تھی یہانتک کہ ہر شخص خلیفہ پر جس امر مین چاہے

روزبہ سیمی

	لوگون کو اپنے سامنے گفتگو کرنیسے منع کیا		اعتراض کرسکتا تھا۔
۵۵	پہلے کسنے فارسی دفتر کو عربی سے بدلدیا	عبدالملک بن مروان نے	اسیطرح رومی زبان کو بھی بدلدیا اسمین ولید سلیمان عمر بن عبدالعزیز کا بھی حصہ ہے۔
۵۶	پہلے اسلام مین کسنے غدر کیا۔	عمر بن سعید بن عاص سنے	اسکو مروان سنے اپنے بیٹے کے بعد ولی عہد مقرر کیا تھا جب اسنے غدر کیا تو عبدالملک سنے اسکو قتل کرڈالا۔
۵۷	پہلے کسنے درہم پر قل ہو اللہ احد لکھا	عبدالملک بن مروان سنے۔	
۵۸	پہلے کسکی خلافت مین تفرقہ واقع ہوا	سفاح کی	
۵۹	پہلی کس سنے عباسؓ اور علی رضؓ کی اولاد مین جھگڑا ڈلوایا	"	
۶۰	پہلا خلیفہ جس سے	"	

	مقرب منجم تھے اور نجوم پر عمل کیا کون تہا		
۶۱	پہلی کس خلیفہ کے لئے سریانی اور عجمی سے کتابین ترجمہ ہوئین۔	سفاح کے لئے	کلیلہ دمنا اور آقلیدس اسکے عہدمین ترجمہ کی گئین۔
۳۰	اسکندریہ کسنے بسایا۔	ذوالقرنین نے	کہتے ہین کہ اسکندریہ تین سو برس مین بنا ہے۔ اِس کی گچ کی سفیدی کی وجہ سے ستر برس تک کوئی اِسکے اندر بغیر سیاہ نقاب کے نہین جا سکتا تھا۔
۳۱	پہلے قسطنطنیہ کسنے بسایا۔	قسطنطین نے	
۳۲	پہلے خندق اطراف قلعہ کے کسنے بنائی	ہوشنگ شاہ نے	پھر افریدون و اسکندر وغیرہ نے

۳۳	اسلام میں پہلے خندق کسنے بنائے۔	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے	جنگ احزاب میں۔
۳۴	پہلے اینٹ سے مدینہ میں مکان کسنے بنایا	عثمان رضی اللہ عنہ نے	کوفہ میں عمرو بن حریث نے بصرہ میں یونس بن عبید الثقفی نے۔
۳۵	پہلے کسنے مدرسہ بنایا	نظام الملک نے	اس میں طلبہ کو کھانا بھی ملتا تھا
۳۶	پہلے مصر میں صوفیہ کے لیے خانقاہ کسنے بنائی۔	سلطان صلاح الدین بن یوسف نے	اس خانقاہ میں فقرا وارد و صادر کیلئے خورد و نوش کا سامان بھی کیا جاتا تھا۔
۳۷	اسلام میں پہلے خانقاہ کونسی بنی۔	زاویہ برملہ	یہ خانقاہ بیت المقدس کے قریب واقع ہے۔ ایک امیر نصارٰی نے بنائے تھے اس کی وجہ یہ ہوئی کہ اسنے صوفیہ کی ایک جماعت کو دیکھا کہ آپسمیں بہت ہی محبت والفت سے رہتے ہیں اسنے اس الفت کی وجہ دریافت کی تو

نمبر	کیفیت	نام	حاشیہ
			تو اُنھون نے جواب دیا کہ ہماری محبت صرف خالصاً لِلّٰہ ہے تو اوسنے اون لوگون کے آرام کے لئے یہ مکان بنا دیا حدیث شریف مین جو وارد ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ لَیُؤَیِّدُ ھٰذَا الدِّیْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ وہ اِسی کی طرف اِشارہ ہے

فصل (۳۱) متعلق شکار وغیرہ

نمبر	کیفیت	نام	حاشیہ
۱	بادشاہون مین پہلے شکار کسنے کیا	ہوشنج یعنے ہوشنگ نے	اِسی نے کتون اور پرندونکو شکار کرنا سکہلایا تہا۔ اہل فارس اسکو داد کہتے ہین۔ یہ ادریس علیہ السلام کا شاگرد ہے
۲	پہلے جالے سے کسنے شکار کہیلا۔	طہمورث نے	یہ بنی آدم مین تیسرا بادشاہ تہا طیور وشاہین کے شکار کہیلنے اسنے جالا بنایا تہا۔
۳	پہلے چیتے سے کسنے	کلیب بن وائل نے	ابومسلم خراسانی نے تحفہ

ابن الاثیر

//

	شکار کیا		بھیجا تھا۔
۴	پہلے شاہین سے کسنے شکار کھیلا۔	قسطنطین نے	
۵	پہلے شکرہ سے کسنے شکار کھیلا	حارثہ بن معاویہ بن تور نے	یہ قریشی تھے
۶	" یویو "	بہرام گور نے	
۷	" عقاب "	قیصر روم نے	یہ کسریٰ کا ہمعصر ہے
۸	" کتے "	ہوشنگ شاہ نے	
۹	پہلے کتا نگہبانی کے لئے کسنے مقرر کیا۔	نوح علیہ السلام نے	کشتی بنانے کے وقت اکثر ایسا ہوتا تھا کہ دن بھر جو کام آپ کرتے تھے تو معاندین شب کو آکر توڑ دیا کرتے تھے اوسوقت آپ نے تنگ ہو کر جناب باری میں عرض کئے تو حکم ہوا کہ کتے کو محافظت کے لئے مقرر کرو کہ وہ شب کو جاگتا ہے۔
۱	پہلے سفر میں کتے کو ساتھ کسنے رکھا	مالک بن دینار نے	

حیوہ الحیوان
=
=
=
=

۱۱	پرندوں میں عاشورہ کے دن کسنے روزہ رکھا	صرد یعنے لٹورے نے	یہ مضمون حدیث شریف میں بھی آیا ہے۔
۱۲	نوح علیہ السلام نے پہلے کشتی میں کسکو چڑہایا۔	ذرہ یعنے چیونٹی کو	اور آخر میں گدہا۔
۱۳	اول معجزہ سلیمان علیہ السلام کیا ہے	تسخیر طیور	داؤد علیہ السلام کے جنازے پر پرندا اپنے بازوؤں سے سایہ کئے ہوئے تہے۔
۱۴	وہ کون پرند ہے کہ جسکی بعض عرب نے پہلے پرستش کی	نسر یعنے گرگس	اسکی عمر وغیرہ کے متعلق اگر تفصیلی حالات دیکہنا ہو تو مزہر اللغۃ ملاحظہ ہو۔

فصل (۳۲) راگ وغیرہ

۱	واضع علم موسیقی و اصول الحان کون ہے	فیثاغورث حکیم	دورات فلکیہ اور انکے اصوات کا ادراک کرکے اصول الحان قائم کئے۔
۲	پہلے ساز عود کسنے نکالا۔	لامک بن قائن بن آدم ؑ نے	بعض کہتے ہیں کہ حکیم بطلیموس کی ایجاد ہے۔

معروف	۳	عرب مین پہلے کسنے گایا۔	کنیزان نعمانی نے	اِن دو نونکا نام جرادہ تہا
معروف	۴	اسلام مین پہلے کسنے گایا۔	طویس نے	یعنے غنارقیق اسکا نام طاوس اور کنیت ابو عبدالرحیم جس شعر کو گایا تہا وہ یہ تہا۔ قد برانی الشوق حتے کدت من وجدی اذوب
"	۵	دنیامین پہلے کسنے گایا	ابلیس نے	
"	۶	بادشاہون مین قوال وغیرہ کو پہلے کسنے مقرر کیا	نمرود نے	
"	۷	پہلے مجلس شراب مین ندیم وغنا کو رواج کسنے دیا	یزید مروانی نے	
"	۸	اسلام مین خاصکر قبیلۂ انصار سے طنبور پر	احمد بن امامہ	یہ کوفی تہا۔
"	۹	پہلے کسنے گایا۔		
"	۱	پہلے مخنثون کو گانا کسنے سکہایا۔	طویس نے	بعض کہتے ہین کہ یونس کاتب نے

۱۱	پہلے ساز قانون کسنے بنایا	ابو نصر فارابی نے	استاد ابن سینا
۱۲	پہلے ارغنون کسنے نکالا	حکیم سوطرس نے	کہتے ہین کہ سات فرسخ تک اسکی آواز سنائی دیتی تہی۔
۱۳	پہلے مکہ مین عربی راگ کے ساتھ عود کسنے بجایا	ابن شریح نے	مسجد حرام کی تعمیر کے لیئے جو عجمی بلائے گئے اون سے ابن شریح نے یہ فن سیکہا تہا
۱۴	پہلے دف کسنے بجایا	کلثوم نے	موسی علیہ السلام کی ہمشیر تہین یہ اوس وقت کا واقعہ ہے جبکہ دریا سے آپ پار اتر گئے تہے
۱۵	مدینہ منورہ مین جب اسلام شایع ہوا تو پہلی دف کسنے بجایا۔	کنیزان بنی نجار نے	جس وقت بنی نجار کے لوگ آپکے استقبال کے لئے آئے تہے اونکی کنیزون نے دف پر گایا تہا نحن جوار من بنی النجار یا حبذا محمداً من جار
۱۶	مدینہ منورہ مین جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے تو	یہ شعر ہین	طلع البدر علینا من ثنیات الوداع وجب الشکر علینا ما دعا للہ داع

	عورتوں اور اطفال کی زبان سے پہلے کونسا شعر نکلا یعنے وہ کونسا شعر گاتے تھے۔		
۱۷	پہلے مغنیوں کے مراتب و طبقات کسنے معین کئے	ہارون الرشید نے	
۱۸	پہلے کسنے قدیم راگ کو بدلا	ابراہیم بن مہدی نے	قدیم طرز کو ترک کرکے ایک ایسی دلکش اور مؤثر لہجہ کو رواج دیا کہ جس سے دلوں پر اثر ہوتا تھا
۱۹	عرب حجاز یہ مین سے پہلے کسنے گایا۔	خزیمہ بن سعد نے	اس کی خوش آوازی کے لحاظ سے اسکا نام مصطلق رکھا گیا تھا
۲۰	موجد حدی کون ہے	قبیلہ مضر کا ایک لڑکا ہے	مضر تجارت کے لئے نکلا تھا اثناء سفر مین اسکے اونٹ متفرق ہوگئے تھے تو اوسنے خفا ہوکر غلام کے ہاتہ پر مارا تو وہ جنگل مین وا یداہ وا یداہ پکارتا ہوا نکلا اوس کی آواز سنتے ہی

			اونٹ اوسکے پاس آگئے تو اوس وقت حضرت نے کہا کہ ایسے ہی الفاظ ایجاد کئے جائیں تو مناسب ہوگا پس اس لئے الفاظ حدی مرتب کئے گئے تاکہ اونٹ اوس کے سننے ہی ایک جگہ جمع ہوجائین۔
۲۱	اسلام مین حدی کہنی مین کون پہلے مشہور ہوا۔	انجشہ	حضرت کے زمانہ مین اس کے حدی پر اونٹ مرتے تھے۔

فصل ۳۳ متعلقہ حرف وصنعت

۱	اکثر حرفون کے موجد کون ہین	آدم علیہ السلام	لقولہ وَعَلَّمَ آدَمَ الْاَسْمَاءَ كُلَّهَا
۲	مال غنیمت پہلے کس پر حلال ہوا	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر	مال غنیمت جہاد سوائے آنحضرت کے کسی پر حلال نہ تھا یہ آپ کے خصوصیات مین سے ہے۔ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہ

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
			عَلیہ وَسَلَّم لِکُلِّ اَحَدٍ حرفۃ وَحِرفَتِی اِثنانِ اَلفقر والجہاد فرمایا آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہر ایک کا ایک پیشہ خاص ہے میرے لئے دو پیشہ ہیں فقر و جہاد ۔
۳	پہلے درخت گندم کسنے بویا	آدم علیہ السلام نے	بہ تعلیم میکائیل علیہ السلام
۴	پہلے نقش درہم و دینار کسنے کیا ۔	"	حدیث مین وارد ہے الدراہم والدنانیر خواتم اللہ فی ارضہ من جاء بخاتم مولاہ قضیت حَاجتہٗ اِس حدیث کو بیہقی نے ابی ہریرہ رض سے نقل کیا ہے ۔
۵	پہلے تحریرات مختلف زبانون مین کسنے کی	"	
۶	پہلے سوئی سے خیاطت کس نے کی ۔	ادریس علیہ السلام نے	اور آدم علیہ السلام کے بعد اکثر حرفت بھی آپ ہی نے ایجاد کئے ۔

۷	پہلے کشتی کسنے بنائی	نوح علیہ السلام نے	
۸	پہلے مناسک حج کے طور پر کسنے سر مونڈایا	ابراہیم علیہ السلام نے	اور ختنہ کی ابتدا بھی آپ ہی کے وقت سے ہوئی ہے۔
۹	پہلے صابون کسنے بنایا	سلیمان علیہ السلام نے	
۱۰	؍؍ کاغذ ؍؍	یوسف علیہ السلام نے	
۱۱	؍؍ تجارت کسنے کی	صالح علیہ السلام نے	بعض کہتے ہین کہ ایوب ؑ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی قبل از ازدواج کے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کا مال لیکر بسبیل تجارت شام کی طرف گئے تھے اور اوسکو نہایت امانت وحفاظت سے فروخت کیا تو گویا ملت محمدی مین اوسکی اولیت آپ سے ہے اور اس آیہ کریمہ مین بھی اسیکی طرف اشارہ ہے لقد کان لکم فی رسول اللہ

(حاشیہ: ۷ — ازتاریخ ... ؍ ۸ — ؍؍ ؍ ۹ — ... ؍ ۱۰ — ؍؍ ؍ ۱۱ — ؍؍)

			اسوۂ حسنہ اور اسی واسطے حدیث میں آیا ہے التاجر الصدوق الامین مع النبین والصدیقین والشہداء آہ۔ اُمت محمدیہ میں رئیس و امام تجارت کی عبدالرحمن بن عوف تھے اور بعض کہتے ہیں کہ دحیہ کلبی۔
۱۴	پہلے چرواہا ہیں کسنے اختیار کیا	شعـ .. علیہ السلام نے	بعض کہتے ہیں کہ موسے علیہ السلام نے۔ بعض اسحاق و یعقوب علیہ السلام کو بتلاتے ہیں مگر چونکہ اس آیت سے ھے عصای اتوکأ علیها واهش بها علی غنمی ولی فیها مآرب اخری موسے علیہ السلام کا راعی ہونا منصوص ہے زیادہ

نمبر	کام	کس نے	کیفیت
			شہرت آپ کی ہوئی ہے
۱۳	پہلے سیاحت کرنے کی	عیسیٰ علیہ السلام نے	
۱۴	پہلے زرہ کس نے بنائی	داؤد علیہ السلام نے	
۱۵	زبیل پہلے اور زبیل کا کام پہلے کسنے کیا۔	سلیمان علیہ السلام نے	اسی پر آپ زندگانی بسر کرتے تھے حالانکہ تمام جنات آپ کے مسخر تھے۔ سبحان اللہ آپ کے واسطے سیل کردیا گیا تھا جیسا کہ لوہا داؤد علیہ السلام کے حق مین نرم تھا۔
۱۶	انبیا مین پہلے نجاری کرنے کی۔	زکریا علیہ السلام نے۔	
۱۷	موجد لسان میزان یعنے زبانہ ترازو کون ہے۔	عبداللہ بن عامر	اس کی پہلے شاہین یعنی فقط ڈنڈی سے تولتے تھے۔
۱۸	پہلے بصرہ مین سے کانچ بنانا کسنے ایجاد کیا۔	منجم اموی نے	۲۴۰ھ ہجری مین یہ ایجاد ہوئی

۱۹	عورتون مین پہلے قطع و برید وخیاطت کسنے کی۔	سارہ رضہ نے	حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لیئے جنت سے کپڑا آیا تہا اور آپ نے اوسکا پاجامہ بنا دیا تھا
۲۰	مہمان خانہ اسلام مین پہلے کسنے بنایا۔	عثمان رضہ نے	
۲۱	مجاہد اول کون ہے	ادریس ؑ	کفار سے مقاتلہ کیا اور اونکو غلام بنایا ہے۔
۲۲	پہلے دودھ سے پنیر روغن کسنے نکالے	یوسف ؑ نے	قید خانہ مین اِن چیزون کی ایجاد آپ نے کی۔
۲۳	پہلے کسکا سر مونڈا گیا	آدم علیہ السلام کا	ایک جنتی یاقوت سے۔ اور جہانتک اوسکا نور چمکا حرم ہو گیا
۲۴	انبیا مین اجرت پر کام پہلے کسنے کیا۔	موسی ؑ نے	شعیب علیہ السلام کا کام آپنے باجرت کیا تہا چنانچہ قرآن مین وارد ہے اِنَّ خَیرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ القَوِیُّ الاَمِین
۲۵	اولیا مین اجرت پر کام پہلے کسنے کیا۔	ابراہیم ادہم نے	باغ اور زراعت کی نگہبانی کرتے تھے۔

۲۶	اقطاب مین اجرت پر کام پہلے کسنے کیا۔	احمد بستیؒ نے	سہ شنبہ کے روز اجرت پر کام کرتے رہے اور اسی اجرت پر ایک ہفتہ بسر فرماتے تہے۔

فصل (۳۴) اوائل مختلفہ متعلق از ہر فن

۱	آدم علیہ السلام پہلے کہان نزول فرمائے	سراندیپ کے پہاڑ پر		روضۃ الصفا
۲	درندون مین آدمؑ سے پہلے کون مانوس ہوا	کُتا		حیوٰۃ الحیوان
۳	پرندون مین آدمؑ سے پہلے کون مانوس ہوا	خطاف یعنے ابابیل	اسکو طیر الاسلام اور عصفور جنہ بھی کہتے ہین	=
۴	آدمؑ سے پہلے زمین پر کون تہے	جن	امنین نبوت و بادشاہی بھی تہی اور دین و شریعت بھی۔	=
۵	مکلفین مین پہلے خدائتعالیٰ نے کسکو پیدا کیا۔	جنات کو		تنقیح الاوائل
۶	جنات مین پہلے نبی کون تہے۔	عامر بن عمیر بن جان	انکا جنات نے قتل کرڈالا پھر امنین فسادات شروع ہوگئے۔	

نمبر	سوال	جواب	تفصیل
۷	جنات سے استراق سمع کب موقوف ہوا	عیسیٰ ع کی پیدائش سے ۔	تین آسمان تک جانا منع ہو گیا مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے بعد تمام آسمانوں سے
۸	پہلے تسخیر جنات کس نے کی	سلیمان ع نے	جنات کے چوبیس فرقے ہین اور اونکے اشکال بھی مثل مختلف حیوانات کے جدا جدا ہین
۹	جنات ثلثہ مین اول جنت کونسی ہے	جنۃ الاختصاص	بچے اس مین داخل ہونگے جن کی عمر شش ماہہ ہو۔
۱۰	اول جنت ثمانیہ کونسی ہے	جنت المقام	اسکے بعد جنت سلام پہر جنۃ الخلد پہر جنۃ الماوے پہر جنۃ نعیم پہر جنۃ الفردوس پہر جنۃ عدن پہر جنۃ الوسیلہ جو خاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے ہے ۔
۱۱	دوزخ کا پہلا دروازہ کون ہے	جہنم	اسکے بعد جحیم پہر سعیر پہر سقر پہر لظی پہر حطمہ پہر سجین ہے اور یہ آخری دروازہ

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
			منافقین کے لیئے ہے کما قال اللہ تعالے ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار
۱۲	پہلا آسمان کون ہے	آسمان دنیا	اسکو رقیع بھی کہتے ہین اور دوسرے آسمان کا نام ترقیع بعض ارقلون کہتے ہین علی ہذا ہر ایک آسمان کے دو دو نام ہین۔ تیسرا قیدوم و عینا، چوتھا ماعونا و عزوا پانچوان ولعا و سحیق چھٹا وقنا و دینا ساتوان عربیا و سمعوار
۱۳	اول افلاک تسعہ کون ہے	عرش ہے	افلاک تسعہ کی تقسیم اکثر اسطور پر لکھی گئی ہے۔ (۱) فلک قمر (۲) فلک عطارد (۳) فلک زہرہ (۴) فلک شمس

			۵ فلک مریخ ۶ فلک مشتری ۷ فلک زحل ۸ فلک کرسی ۹ عرش —
۱۴	اول بروج کون ہے	حمل ہے	اسکے بعد۔ ثور۔ جوزا۔ سرطان۔ اسد سنبلہ۔ میزان۔ عقرب قوس۔ جدی۔ دلو۔ حوت
۱۵	اول منازل قمر کیا ہے	منزل شرطین	پھر بطین۔ ثریا۔ اسی طرح ۲۸ منزل ہین —
۱۶	اول زمین کونسی ہے	جسپر ہم ہین	یہ زمین اور زمینون کی سردار ہے —
۱۷	اول اقالیم کون ہے	اقلیم بابل	جس مین خراسان۔ فارس موصل۔ ارض جبل۔ سب شریک ہین — اقلیم ثانی۔ سندہ۔ ہند سوڈان — اقلیم ثالث۔ مکہ۔ مدینہ۔ حجاز یمن —

منزل ہے

			۴ مصر۔ افریقیہ۔ بربر۔ اندلس
			۵ شام۔ روم۔ جزیرہ
			۶ ترکی۔ دیلم۔ صقالیہ
			۷ چین۔ دبیل۔
۱۸	ملائکہ مین پہلے اللہ تعالے نے کسکو پیدا کیا	رؤس اربعہ کو	یعنے جبرئیل۔ میکائیل۔ اسرافیل عزرائیل کو۔
۱۹	حاملان عرش کے زبان سی پہلے کیا نکلا	بسم اللہ حسبی اللہ توکلت علی اللہ اعتصمت باللہ وصنامری الی اللہ ما شاء اللہ لاقوۃ الا باللہ	ان کلمات کا ورد ہر قسم کے آفات وبلیات کو دفع کرتا ہے
۲۰	پہلے طواف خانہ کعبہ کسنے کیا۔	ملائکہ نے پہلے	
۲۱	پہلے حج وطواف کسنے کیا	آدم علیہ السلام نے	
۲۲	پہلے مصافحہ۔ معانقہ کسنے کیا۔	ابراھیم علیہ السلام نے	ذوالقرنین حرم مکہ مین جس وقت آپ کی ملاقات کیلئے آکر

ربیع الابرار زمخشری

تاریخ مکہ

ازتعلیقات

			تو آپ نے اونسے معانقہ ومصافحہ کیا۔
۲۳	پہلے اسلام مین مصافحہ کسنے کیا۔	فرقہ اشعریہ نے	اِن مین ابو موسی الاشعری بھی ہین رضہ
۲۴	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی معراج کے بعد پہلے کونسے پھول کا درخت جما	گل سرخ	حدیث مین آیا ہے عن علی کرم اللہ وجہہ قال سقط لیلۃ المعراج من عرق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فنبت الورد منہ من اراد ان یشم رائحۃ الحبیب صلی اللہ علیہ وسلم فلیشم الورد الاحمر
۲۵	اول انہار اربعہ کونسی ہے	نہر نیل ہے	اسکے بعد فرات۔ پہر سیحون پہر جیحون ہے۔
۲۶	پہلے قریش کا نام قریش کب ہوا	بعد ہزیمت اصحاب فیل کے	کیونکہ قریش کے معنے قوت وغلبہ کے ہین۔ بعض کہتے ہین

			یہ نام قصی نے رکھا۔ بعض کہتے ہین کہ نضر بن کنانہ کا رکھا ہوا ہے۔ تقریش کے معنے تفتیش کے ہین۔ نضر اکثر لوگون کی حاجت برآری اور خبر گیری کیا کرتے تھے۔
۲۷	اول ایمان کیا ہے	عقل	وسط اور آخر ایمان بھی عقل ہے
۲۸	مکہ اور اطراف مکہ مین پہلے توحید کسنے ظاہر کی	قیس بن ساعد اور ورقہ بن نوفل نے	یہ اہل فترت سے ہین جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو برا کہنے سے منع فرمایا ہے۔
۲۹	پیتل کی ابتدا کب سے ہے۔	زمانہ سلیمان ؑ سے	
۳۰	نمک کی ابتدا کب سے ہے	ابراہیم علیہ السلام کیوقت سے	گو اسکے پہلے بھی اسکا وجود تھا مگر آپ کے وقت سے اس کا

اول من عرف الحمد
فی بدء الملوک
سیوطی

نمبر	اوائل	کس نے	کیفیت
			ظہور کثرت سے ہونے لگا
۴۱	اول بحار خمسہ کو ہے	بحر محیط	بحار خمسہ یہ ہین اول بحر ہند جسکو بحر چین بہی کہتے ہین ۲ بحر مغرب ۳ بحر شام ۴ بحر بیطس جسکو بحر کفہ وقارہ کہتے ہین۔ ۵ بحر جرجان و شروان۔
۴۲	پہلے کس کے سامنے شمع روشن کی گئی۔	جزیمۃ الابرش کے	یہ مصر کا بادشاہ تہا۔
۴۳	پہلے منجنیق و گولہ لڑائی کے لئے کسنے قائم کئے	ایضاً	
۴۴	پہلے عرب کو بت پرستی پر کسنے آمادہ کیا	عمرو بن لحی نے	اسنے اپنے سفر شام مین عمالقہ کو بت پرستی کرتے دیکہا تہا اور وہین سے ایک بت اپنے ساتہ لایا جسکا نام ہبل تہا پہر اہل قریش کو اوسکی

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
			پرستش کی رغبت دلائی
۳۵	پہلے برف کسکے رو برو لایا گیا	حجاج بن یوسف کے	اسیکے واسطے پہاڑون سے یہ لایا گیا تہا۔
۳۶	پہلا ظلم اسلام مین کیا ہوا	یہ مقولہ	تنح عن الطریق یعنی دور ہو جاؤ راہ سے۔
۳۷	پہلا بدکام اسلام مین کیا ہوا	کبوترون کا اڑانا اور گولیونکا پہینکنا	حضرت عثمان رضہ کے زمانہ مین ہوا کبوترون کے پر کٹوا دیئے اور گلولے توڑوا دیئے گئے
۳۸	اول بدعت آنحضرت کے بعد کیا ہوئی۔	چہلنی کا استعمال	یہ بدعت مباحہ ہے۔
۳۹	نوروز کی ابتدا کس سے ہوئی	جمشید سے	یہ جس روز سریر سلطنت پر جلوہ افروز ہوا اوس روز کا نام نوروز رکہا کیونکہ اوسنے دین کو تازہ کردیا تہا۔
۴۰	پہلے مہرجان کا ظہور کس سے ہوا	فریدون سے	یہ بھی ایک روز کا نام ہے مثل نوروز وغیرہ کے۔ مہر کے معنے وفا کے ہین اور جان

			کے معنے سلطان کے یعنے سلطان الوفا ۔
۴۱	پہلے رسم نوروز کو موخر کسنے کیا ۔	متوکل علی اللہ نے	اِسکے زمانہ حکومت مین نوروز ایسے موسم مین واقع ہوتا تھا جو زراعت بالکل ناتمام رہتی تھی اور رعایا کو ادائے خراج مین ضرر ہوتا تھا اِس لئے اِسنے نوروز کو بڑہا دیا پھر جس تاریخ یہ رسم ادا ہوتی اوسکا نام روز حفر رکھا ۔
۴۲	پہلے نرد کسنے بنائی اور کہیلے ۔	سابور بن اردشیر نے	بعض کہتے ہین کہ پہلے نرد قرمس مجوسی نے کہیلا تہا
۴۳	پہلے شطرنج کسنے بنائے	ایک حکیم نے	ملک تلہیت کے وقت مین
۴۴	۔ بلاد عرب مین شطرنج کا رواج کس سے ہوا	عمر بن عاص سے ہوا	یہ کہیل نحوست کی جڑ ہے
۴۵	پہلے قصہ گوئی کو شب کے وقت کسنے رواج دیا	اسکندر یونانی نے	انبساط خاطر کے لئے ۔

۴۶	اسلام مین منسوب بجنون پہلے کون ہوا	اویس قرنی قدس سرہ	انکا عمل اہل دنیا کے خلاف تہا احیا دمین روتے تہے اور قبرستان مین رہا کرتے تہے -
۴۷	اول عشق کیا ہے	نظر	بعض عشاق کا قول ہے کہ اول العشق النظر و اخر الحرب الشرور
	دنیا مین انسان کے لئے اول عذاب کیا ہے	مفارقت احباب	
	پہلے دریاے نیل کے لئے مقیاس کسنے بنایا	حصلیم بادشاہ نے	یہ معاملہ طوفان کے قبل کا ہے اسکے بعد یوسف عم نے - اور بعض کہتے ہین کہ سلیمان عم نے
	مکانات پہلے دار الرباط مین کسنے بنائے	عقبہ بن نافع صحابی رض نے	یہ دار الرباط فتح افریقہ کے بعد حضرت عمر رض کی خلافت مین بنا تہا
	اولاً عبید العصا کس قبیلہ کا خطاب ہوا	بنی اسد کا	بادشاہ نے اس قبیلہ کے قتل کا حکم دیا تہا پہر معاف کر دیا جب انہون نے امن چاہی تو ایک ایک عصا ہر شخص کو دیا - پہر عرب

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
			مین ذلیل لوگون کے لئے یہ مثل مشہور ہو گئی یعنے عبید عصا
۵۲	پہلے کسکے لئے عصا کھٹکا یا گیا۔	عامر بن الظرب کے لئے	جب اونکو سہو ہوجاتا اور بے محل بات کہتے تو حسب الامر اونکو عصا سے متنبہ کردیتے
۵۳	پہلے طی منازل کسنے کی۔	عدی بن حاتم نے	لہذا اونکا نام طی ہو گیا اور اونکی اولاد کا نام طائی۔
۵۴	پہلے اسلام مین عزلت وخلوت کسنے اختیار کی	ابو ذر صحابی نے۔	یہ صحابہ مین بڑے زاہد تھے۔
۵۵	امت محمدیہ کا طبقہ اول کیا ہے	خیار یعنے نیک	اور آخر اشرار۔

فصل (۳۵) متعلقہ قیامت وغیرہ

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
۱	پہلی علامت قیامت کی کیا ہے	آفتاب کا مغرب کی جانب سے طلوع ہونا	اور دابۃ الارض کا نکلنا۔
۲	دین محمدی سے کیا چیز پہلے مفقود ہو گی۔	خوف خدا اور امانت	

۳	انسان سے پہلے کیا چیز جاتی رہے گی۔	حیا	
۴	دنیا میں پہلے کونسی قوم ہلاک ہوگی۔	فارس	اِس کے بعد عرب
۵	اول شرائط قیامت کیا ہے	آگ	جو تمام زندہ لوگ کو میدان قیامت کی طرف ہانک لیجاوے گی۔
۶	اول صلاح امت محمدیہ کیا ہے	زہد و یقین	اور اولِ فساد بخل وطول امل
۷	پہلے کون کون چیزین اُٹھالیجائین گی ــــ	حجر اسود تلاوت قرآن آنحضرتؐ کو خواب مین دیکھنا	
۸	پہلی بلا جو اِس زمین مین ہوگی کیا ہے	نزول طاعون	حدیث شریف مین وارد ہے کہ ہزار امت خدا نے پیدا کیا ہے۔
۹	پہلے کونسی مخلوق ہلاک ہوگی۔	ٹڈی	چھ سو بحری۔ چار سو بری۔ بس بری امتون مین پہلے جراد یعنے ٹڈی ہلاک ہونگی۔
۱۰	پہلی برائی امت محمدیہ	لذیذ کہانے	کیونکہ اِس سے نفس موٹا ہوتا

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
	بعد آنحضرت صلعم کے وصال کے پیدا ہوئی کیا ہے	پیٹ بھر کھانا	جاتا ہے اور اوسکی خواہشین بڑہتی جاتی ہین - یہ ام المومنین عایشہ رض سے منقول ہے
۱۱	اولاً قیامت کا اقرار بدون علم کسنے کیا۔	قیس بن ساعدہ نے	یہ زمانہ فترت کے ایمان والون مین ہے
۱۲	پہلے مومن کی قبر مین کونسا فرشتہ آئیگا۔	رومان	اور کہے گا کہ اپنے اعمال کو لکھ تو کفن کے ٹکڑے پر لکھ دیگا پھر سیئات و حسنات کی جانچ ہوگی
۱۳	اول منزل منازل آخرت سے کیا ہے۔	قبر	
۱۴	انسان کی ترکیب پہلے کس عضو سے ہوتی ہے	عجب الذنب یعنے ریڑ کی ہڈی	یہ رائی کے دانہ کے برابر ہوتی ہے
۱۵	قبر مین مٹی کس عضو کو پہلے کھاتی ہے۔	آنکھ کو	یوسف علیہ السلام کے جواب سے بھی یہی مستنبط ہوتا ہے یعنے جس وقت کہ زلیخا نے کہا کہ تمہاری کیا اچھی آنکھ ہے تو آپ نے یہی جواب دیا تہا۔

نمبر	سوال	جواب	کیفیت	حوالہ
۱۶	قبر کے کیڑے پہلے کس عضو کو کہائین گے	منھہ کو		تفسیر العصوں
۱۷	مٹی مین پہلے کونسی چیز ملے گی۔	ابرو		＝
۱۸	قیامت مین پہلے کونسا عضو شہادت دیگا	ران وکف دست		قصص لطیفہ
۱۹	میزان عمل مین کونسی چیز پہلے رکہی جاوے گی	نفقہ عیال		دقائق الآخرۃ
۲	ملائکہ مین سے پہلے کون زندہ ہونگے۔	جبرئیل میکائیل اسرافیل عزرائیل علیہم السلام	یعنے قیامت مین	سیوطی نے / علوم آخرت
۲۱	ملائکہ اربعہ مین سے پہلے کون زندہ ہونگے	اسرافیل ع	زندہ ہوتے ہی صور پہونکیں گے جس سے ہر جسد مین روح آجاویگی	البدور السافرہ
۲۲	قیامت مین پہلے کس بات کا سوال ہوگا	عمل کا		دقائق الآخرۃ
۲۳	قیامت مین پہلے پرسش کس کی ہوگی۔	قاضی کی	اوسوقت قاضی تمنا کرینگے کہ کاش ہمسے قضارت متعلق نہ ہوئی ہوتی	＝

نمبر	سوال	راوی	جواب
			کیونکہ بڑی ذمہ داری کا کام ہے
۲۴	قبر سے اوٹھنے کے بعد پہلا موقف کیا ہوگا	دروازۂ قبر	علی کرّم اللہ وجہہ سے مروی ہے کہ دروازۂ قبر پر ہزار سال تک قیام ہوگا پیادہ پا برہنہ ہوکے پیاسے ۔
۲۵	مومنین سے پہلے حق تعالے کیا پوچھیگا ۔ اور یہ کیا جواب دینگے ۔	هل احببتم لقائی نعم	سوال یہ ہوگا کیا تمکو میری ملاقات عزیز تھی تو مومنین کہینگے کہ ہاں پھر ارشاد ہوگا کس لئے عرض کرینگے کہ بامید رحمت ۔ اوسوقت کمال عنایت سے ارشاد ہوگا کہ اب تو میری رحمت تمہارے لئے واجب ہے ۔
۲۶	پیشوائے علمار قیامت مین کون ہون گے	معاذ بن جبل رض	بلحاظ کثرت زہد واتقار کے
۲۷	قیامت مین پہلے کون بلائے جاوینگے ۔	آدم علیہ السلام	پھر آپ کو اجازت ہوگی کہ اپنی اولاد کو جہنم سے نکال لو تو آپ فی صدی ۹۹ کو نکال لینگے ۔

نمبر	سوال	جواب	کیفیت	ماخذ
۲۸	پہلے کسکا فیصلہ کیا جاویگا	سینگ دار اور بے سینگ جانور کا		حیوۃ الحیوان
۲۹	پہلا محاسب قیامت مین کون ہوگا۔	لوح محفوظ		البدور السافرہ
۳۰	قیامت مین پہلے خدا کو کون دیکہین گے۔	نابینا		آداب الحیوۃ
۳۱	پہلے حوض کوثر پر کون آنحضرت صلعم کے زیارت سے مشرف ہون گے۔	فقرا امت	ایک حدیث مین یہ آیا ہے کہ خالصاً لِلّٰہ محبت باہمی رکہنے والے اِس سعادت سے بہرہ اندوز ہونگے اور فقرا مہاجرین کے لئے بہی حدیث شریف وارد ہے۔	〃
۳۲	قیامت مین پہلے کون شفاعت کرینگے۔	انبیا علیہم السلام	اِنکے بعد علماء پہر شہدا کا مرتبہ ہے	〃
۳۳	اول متولی میزان قیامت کا کون ہوگا۔	جبرئیل علیہ السلام		[illegible]
۳۴	اولاً قبر سے کون اوٹہینگے۔	جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم	اور در جنت پر تشریف لیجانا۔ اور شفاعت۔ اور قبول شفاعت۔	

			سب آپ کی ذات عالی سے ہی شروع ہوگا ۔
۳۵	قیامت مین پہلے کس چیز کی پرسش ہوگی	نماز کی	
۳۶	پہلے نعمات آلہی مین کس چیز سے سوال ہوگا	صحت جسم و آب سرد سے	کہ اسکا کیا شکر ادا کیا گیا ۔
۳۷	پہلے میزان مین کونسی چیز رکھی جاوے گی	حُسن خلق	
۳۸	پہلے متخاصمین قیامت کے روز کون ہونگے	ہمسایہ والے	اِس لئے حقوق ہمسایہ کا لحاظ بہت ضرور ہے ۔
۳۹	صراط پر سے پہلے کون گزرینگے ۔	فقراء مہاجرین رضہ	
۴۰	پہلے سب سے ہاتہ مین نامۂ عمل کون لینگے ۔	ابو سلمہ بن عبد الاسد	کیونکہ یہ مہاجر اول ہین ۔
۴۱	پہلے دست چپ مین نامۂ عمل کون لینگے ۔	اسود بن عبد الاسد	یہ ابو سلمہ بن عبد الاسد کے بھائی ہین لیکن معاملہ بالعکس افسوس ہے ۔

ترمذی
"
"
"
سنن ابن ماجہ
"
"

۴۲	لباس دوزخ پہلے کسکو پہنایا جائیگا۔	ابلیس کو	
۴۳	قیامت مین پہلے کسکو جنتی لباس پہنایا جائیگا	ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کو	
۴۴	انبیاء و شہداء کے بعد کسکو پہلے لباس بہشت پہنایا جاویگا۔	بلال رضی اللہ عنہ کو۔	اِنکے بعد دوسرے پہنایا جائیگا موذنون کو۔

فصل (۳۶) متعلقہ دوزخ و شفاعت

۱	جنت کے دروازے پہلے کون کہلوائینگے	آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	خازن بہشت عرض کریگا آپ کون ہین فرمادینگے میرا نام محمد ہے اوسوقت وہ کہیگا کہ ہان مجھکو حکم تہا کہ بغیر آپ کے پہلے کیسکو لئے دروازۂ جنت نہ کہولون
۲	جنت کا پہلا درجہ کس چیز سے بنا ہوا ہے	چاندی سے	سو درجے ہیں۔
۳	جنت مین پہلے کون	انبیا علیہم السلام	بعد شہدا۔ مؤذنین کعبہ مؤذنین

	داخل ہون گے ۔		بیت المقدس ۔ مؤذنین مسجد نبوی ص اسکے بعد عام موذنین ۔
۴	امت محمد ص یہ مین پہلے جنت مین کون داخل ہونگے ۔	ابو بکر رض	بلحاظ اولیت ایمان و تصدیق کے ۔
۵	تونگرونین پہلے جنت مین کون داخل ہونگے	عبدالرحمن بن عوف رض	
۶	جنت مین پہلے کونسے لوگونکی طلبی ہوگی	جو لوگ ظاہر و باطن خدا کی حمد مین مصروف ہین	اس سے مقصود یہ ہے کہ یہ لوگ بلحاظ فضائل کے اورون سے پہلے جنت مین داخل ہونگے ۔
۷	پہلے کون جنت مین داخل ہون گے ۔	سچے تاجر جو لوگ امر المعروف کرتے ہین ۔	یہ بھی حدیث شریف مین آیا ہے کہ جنت مین پہلے ستر ہزار داخل ہونگے ۔ ہر ہزار کے ساتھ ستر ہزار آدمی ہونگے ۔ اون سب پر حساب و کتاب نہین ہے
۸	جنت کے دروازے پہلے کس کے لئے کہولے جاینگے	آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے	و قال صلی اللہ علیہ وسلم الجنۃ محرمۃ علی جمیع الامم

			جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا
۹	پہلی جماعت جو جنت مین داخل ہوگی اونکی صورت کیسی ہوگی۔	چودہوین رات کے چاند کے مانند چمکتی ہوگی۔	
۱۰	اول جنت کونسی ہے	جنت عدن	
۱۱	پہلے کون تین جماعتین جنت مین داخل ہونگی	شہدا	اور وہ غلام جو مالک کے مطیع ہون اور وہ عیالدار لوگ جو باوجود ضرورت خرچ سوال سے بچتے رہے ہون
۱۲	پہلے کون تین جماعتین دوزخمین ڈالی جاوینگی۔	امیر ظالم۔ مالدار بخیل۔ فقیر مکار۔	
۱۳	قیامت میں پہلے کونسی تحریر پڑہی جاویگی۔	اِقْرَأْ كِتَابَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا	اہل تفسیر لکھتے ہین کہ اوس روز ان پڑھ بہی اِس آیہ کو پڑہینگے۔
۱۴	قیامت کے روز پہلے مائدہ پر کون بیٹھینگے	روزہ دار	ورد فی الحدیث اِنَّ لِلّٰهِ مَائِدَةً عَلَيْهَا مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ وَلَا اُذُنٌ

			متمعت ولا خطر علی قلب بشر لا یجلس علیہا الا الصائمون۔
۱۵	دوزخ میں پہلے کسکی یاد ہوگی۔	ریاکار	خواہ شہید ہو۔ یا عالم یا سخی۔
۱۶	اہل جنت کو پہلے خدا تعالے کی جانب سے کیا خطاب ہوگا۔	یہ ندا ہوگی کہ وہ بندے کہاں ہیں کہ جنہوں نے میری اطاعت حاد ثانہ کی تھی	وہ حاضر ہونگے اور عرض کرینگے کہ اے پروردگار ہم تجھ سے راضی ہیں اب تیری رضامندی مطلوب ہے۔ ارشاد ہوگا کہ اگر ہم راضی ہوتے تو یہ مقام یعنے جنت نہیں کیوں میسر ہوتی۔ پھر ارشاد ہوگا کہ طلب کرو عرض کرینگے کہ اپنے جمال سے مشرف فرما۔ پھر اس نعمت سے بہرہ اندوز کیا جائیگا۔ جل جلالہ وعم نوالہ۔
۱۷	اول آواز اہل جنت کی کیا ہوگی	لا الہ الا اللہ	اور آخری آواز الحمد للہ رب العالمین۔

فصل (۳۷) اوائل مختصہ بہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وبارک وسلم

۱	امامت انبیا اور معراج جسمانی پہلے کسکو حاصل ہوئی۔	آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو	
۲	خدا نے پہلے کس چیز کو پیدا کیا۔	نور محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم	حدیث مشہور میں روحی کا لفظ آیا ہے اور عقل کی نسبت بھی ارشاد ہوا ہے۔
۳	مرسلین میں سے پہلے جنگ کس کے لئے حلال ہوئی۔	آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے۔	ورد فی الحدیث عنہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال ان اللہ قد حبس عن مکۃ الفیل وسلط علیہا رسولہ والمومنین وانہا لم تحل لاحد بعدی وانما احلت لی ساعۃ من نہار
۴	منصب شفاعت کبریٰ پہلے کسکو حاصل ہوگا	آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو	انا سید ولد آدم وبیدی لواء الحمد ولا فخر وما من نبی یومئذ آدم فمن دونہ الا

۵	باعتبار خلقت کے اول اور باعتبار بعثت کے آخر کون ہین -	نبی آخر الزمان صلی اللہ علیہ و آلہ وصحبہ وسلم	نحن الآخرون و انا اول من تنشق عنہ الارض توراۃ مین اسیطرح وارد ہے توراۃ مین جو عبارت وارد ہے اوسکو دیکھنا چاہو تو اصل کتاب دیکھو

قسم ثانی متعلق با واخر
فصل اوّل مختص قرآن مجید

مراد تاخر آیات سے یہ ہے کہ ایک آیت بہ نسبت دوسرے آیتون کے جو موخر ہے وہ صرف بلحاظ انواع احکام و استماع صحابہؓ کے اور مراتب و ازمنہ و امکنہ وغیرہ کی ہی مثلاً فلان آیت آخر آیت ہے جو رہا کے متعلق نازل ہوئی یا تقوے کے متعلق علیٰ ہذا لقیاس و تاخر آیات کے متعلق زیادہ صراحت مقصود ہو تو اتقان کی نوع ہشتم معائنہ ہو -

۱	آخر کون آیہ کریمہ نازل ہوئی -	وَاتَّقُوْا یَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِیْهِ اِلَی اللّٰهِ الاٰیہ	سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ اس آیت کے نازل ہونے کے بعد صرف نو شب آن حضرت صلی اللہ علیہ آلہ وصحبہ وسلم زندہ رہے -

۲	کون آیت آخر میں نازل ہوئی۔	یاایھا الذین اٰمنوا تقوا اللّٰہ وذروا ما بقے من الربا۔	آیت ربا
۳	فرائض و میراث کے متعلق آخر آیہ کون ہے	یستفتونک قل اللّٰہ یفتیکم	
۴	اواخر سورہ میں جو آخر آیت نازل ہوئی۔	لقد جاءکم رسول من اَنفُسِکُمْ	
۵	طوال مفصل میں آخر کون سورہ نازل ہوئی	سورۂ مائدہ	
۶	قصار سے " "	اِذَا جَاءَ نَصْرُ مِنَ اللّٰہِ وَالْفَتْح	
۷	وعید و نہی میں آخر آیۃ کون نازل ہوئی	وَمَنْ یَقْتُلْ مُؤْمِنًا مُتَعَمِّدًا فَجَزَاؤُہٗ جَھَنَّمُ	
۸	آخر آیات انفصال	اِنَّ الدِّیْنَ	کیونکہ دین مدار جملۂ احکام ہے

اتقان

نمبر	سوال	جواب	تشریح
	کون ہے۔	عبداللہ الاسلام	
۹	آخر کتب منزلہ کون ہے	قرآن مجید	
۱۰	آخر آیات جو نازل ہوئے اور پھر اونکے بعد کوئی آیۃ نازل نہیں ہوئی کون ہیں۔	ام الکتاب آیۃ الکرسی اور خاتمہ سورہ بقر وکونر ہے۔	
۱۱	آخر توراۃ کیا ہے	الحمد للہ الذی لم یتخذ ولداً الیٰ قولہ وکبرہ تکبیرا	کعبؓ سے روایت ہے کہ ابتداء توراۃ ابتداء انعام ہے یعنے الحمد للہ الذی خلق السموات والارض وجعل الظلمات والنور۔ اور خاتمہ توراۃ خاتمہ ہود ہے۔ فاعبدہ وتوکل علیہ وما ربک بغافل عما تعملون۔
۱۲	آخر سورۂ بقر کب نازل ہوا۔	شب معراج میں	جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم سے ایک شخص نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کوئی

〃

〃

حوالہ				
	آیت آپ کو محبوب ہے فرمایا آخر سورۂ بقر کیونکہ اوسمین ایمان و دعا اور نصرت علی الاعدار کا ذکر ہے اسکا نزول اوسوقت ہوا جبکہ آپ عرش کے نزدیک سجدہ مین تھے			
[illegible]	جبکہ شرمانے کا اندیشہ نہو تو جو چاہے سو کر۔	اذالم تستحی فاصنع ما شئت	آخر کلام نبوت اولیٰ کیا ہے۔	۱۳
//		عیسیٰ علیہ السلام	آخر انبیاء بنی اسرائیل کون ہین۔	۱۴
//		محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم	آخر انبیاء و مرسلین کون ہین	۱۵

فصل (۲) اواخر متعلق خلافت و ملوک وغیرہ

حوالہ				
[illegible]	کیونکہ حدیث شریف مین وارد ہے کہ تمام چیزین آدم علیہ السلام کے پیدا ہونے سے قبل پیدا ہوچکی تھین۔	آدم علیہ السلام	آخر الخلق اول الناس کون ہین	۱

۲	آخر پادشاہان طبقۂ اولیٰ یعنی دادیاں مین کون ہے	زاب بن طہماسپ ہے	ایمین اول کیومرث ہے۔ اِس طبقہ مین گیارہ بادشاہ گزرے ہین۔
۳	آخر پادشاہان طبقۂ ثانیہ یعنی کیانیہ میں کون ہے	دارا بن دارا ہے	امنین اول کیقباد ہے۔
۴	آخر پادشاہان اشغانیہ مین کون ہے۔	اردوان بن اردوان ہے	امنین اول اشکان بن دارا ہے
۵	آخر پادشاہان ساسانیہ مین کون ہے۔	یزدجرد بن شہریار	اِس طبقہ مین پادشاہِ عادل کسرےٰ ہے۔
۶	آخر پادشاہ مصر قبل طوفان کے کون ہے	فرعونِ نوح علیہ السلام	اسیکے زمانہ مین طوفان ہوا۔ اِسکے بعد اور کئی فرعون ہوے
۷	آخر پادشاہان قبطیہ بعد طوفان کون ہے۔	مقوقس	اور اول بیصر بن حام بن نوح علیہ السلام۔
۸	آخر خلفاء راشدین کون ہین۔	علی ابن ابیطالب رضؓ	اور اول ابو بکر صدیق رضؓ
۹	آخر تختگاہ اسلام کیا ہے	قسطنطنیہ	
۱۰	آخر خلیفہ اہل بیت جنہوں نے	امام حسن بن علی	آپ کی خلافت صرف چار مہینہ رہی

نمبر	سوال	جواب	کیفیت	حاشیہ
	خلافت کو ترک کردیا کون ہے۔			
۱۱	آخر خلفاء راشدین اہل سنت کے کون ہین	امام حسین رض		تاریخ الخلفا
۱۲	آخر بادشاہان بنی امیہ کون ہے۔	مروان بن محمد بن مروان	یہ مروان حمار کے لقب سے مشہور تھا افضل ملوک مروانیہ عمر وبن عبدالعزیز ہین	//
۱۳	آخر خلیفہ عباسی بغداد مین کون ہے۔	معتصم باللہ	یہ خلفاء عباسیہ مین سینتیسوان[۳۷] خلیفہ ہے۔	تاریخ بغداد
۱۴	آخر خلیفہ عباسی مصر مین کون ہے۔	متوکل علی اللہ	اور اول مستنصر باللہ	
۱۵	آخر خلیفہ جسنے جمعہ کا خطبہ پڑھا کون ہے	راضی باللہ	اِسکے زمانہ مین خلافت عباسیہ مین ضعف آگیا تھا۔ اِسکی وجہ یہ تھی کہ امور دین سے عدول شروع ہوگیا تھا۔ اور وزرا مین نفاق تھا۔	
۱۶	آخر سلاطین ایوبیہ مصر مین کون ہے	موسی المظفر	سنہ ۶۴۸ھ مین اِسکا جلوس ہوا۔	تاریخ مصر
۱۷	آخر سلطان بنی اسلام	صلاح الدین	بعض اولیا سے منقول ہے کہ یہ بھی	

	سوال	جواب	کیفیت	
	کو فرنج کے ہاتہ سے بچایا کون ہے۔	بن یوسف بن ایوب	مثل محمود سبکتگین کے اولاد میں تھے۔	
۱۸	آخر سلاطین فاطمہ مصر مین کون ہے	العاضد لدین اللہ	اسکی وفات ۵۶۷ھ میں ہوئی اہل تحقیق کو اسکے نسب میں بحث ہے کہتے ہین کہ اس کا نام سعید تھا اور مکر سے عبید اللہ اختیار کیا تھا یہ شیعی تھا۔	پنجم
۱۹	اتراک وچراکسہ کا آخر بادشاہ مصر مین کون تہا	قانصوہ غوری	بعد دولت ایوبیہ کے۔ اسکا لقب ملک اشرف تہا ۵ ربیع الاول ۹۲۲ھ مین اسکا انتقال ہوا	=
۲۰	آخر ملوک صفاریہ کون ہے۔	طاہر بن محمد	اور اول یعقوب بن لیث اسکی سلطنت ابتدا ۲۵۵ھ مین بغداد مین قائم ہوئی اسکے قبضہ مین ملک عراق بہی آگیا تہا۔	[illegible]
۲۱	آخر ملوک سامانیہ کون ہے	منتصر باللہ اسمٰعیل بن نوح	اس طبقہ مین دس بادشاہ ہوئے ہین۔ انہوں نے ترکستان فارس عراق۔ (حدود سیستان تک) قبضہ	=

نمبر	سوال	جواب	تفصیل	حاشیہ
			کرلیا تھا انکا دارالسلطنت ری برا ہے یہ سب عباسیہ کے مطیع نہے۔	
۲۲	آخر ملوک غزنویہ کون ہے	خسروشاہ بن بہرام شاہ	اور اول سلطان محمود سبکتگین ہے	تاریخ الخلفا
۲۳	ر دیالمہ کون ہے	ابوعلی بن عز الملک	اول انمین کا عماد الدولہ ابوالحسن علی بن بویہ ہے۔ اس خاندان مین ۱۶ سولہ پادشاہ ہوے۔	
۲۴	آخر ملوک سلجوقیہ کون ہے	سلطان مغیث الدین طغرل بک بن ارسلان	اور اول رکن الدین بن میکائیل ہے اس طبقہ مین ۱۴۔ بادشاہ ہوے ہین۔	ر
۲۵	ر سلغریہ کون ہے	اتابک معظم بن سعد بن ابوبکر ابن سعد ابن زنگی ہے۔	اور مشہور یہ ہے کہ آخر سلاطین اتابک سلجوق شاہ بن سلغر شاہ بن سعد زنگی ہے اور اول انکا اتابک سنقر بن مودود شاہ ہے ابوبکر بن سعد زنگی سعدی علیہ الرحمۃ کا ممدوح بھی اسی خاندان مین ہے۔	تاریخ [illegible]
۲۶	ر خوارزمیہ کون ہے	سلطان غیاث الدین	اول انکا خوارزم شاہ بن محمد انوشتکین ہے	منتخب التاریخ

۲۷	آخر ملوک مغلیہ خطائیہ کون ہے۔	ابن محمد خوارزم شاہ ہلاکو خان	اِس خاندان مین (۸) پادشاہ ہوئے ہین اول انکا چنگیز خاں ہے۔ ۵۹۹ھ مین ابتدا ظہور ہوا۔
۲۸	آخر طائفہ خلافت عباسیہ مین کون ہے۔	طائفہ عثمانیہ	طوائف الملوک کہتے ہین جو دولت عباسیہ مین ظاہر ہوئے تہے۔ صفاریہ۔ سامانیہ۔ غزنویہ۔ دیلمیہ۔ سلجوقیہ۔ سلغریہ۔ خوارزمیہ۔ مغلیہ۔

فصل (۳) متعلقہ مختلف انواع اواخر

۱	آخر کلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کیا تہا	الصلوٰۃ الصلوٰۃ اتقوا اللہ فیما ملکت ایمانکم	یعنے نماز کی پابندی زیادہ کرو اور باندی غلام کا بہت خیال رکہو۔
۲	وقت وصال آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا	جلال ربی الرفیع فقد بلغت	یعنے قسم جلال خداے بلند کی کہ مین نے تبلیغ رسالت کردی۔
۳	اخیر روز جس مین تکمیل خلقت ہوا اور وصال آدم علیہ السلام کا ہوا کیا ہے	روز جمعہ	اور ابتداے خلقت آدم علیہ السلام کی روز یکشنبہ ہے

۴	آخر روز دنیا کا جس روز قیامت قایم ہوگی کیا ہے	روز جمعہ	
۵	ہر مہینہ کے اخیر دن کا کیا نام ہے	یوم ایوم	یعنے تعسوین تاریخ
۶	ہر مہینہ کی آخر شب کا کیا نام ہے۔	لیلۃ اللیلار	تعسوین سب۔
۷	ہر مہینہ کے آخر شب و روز کو کیا کہتے ہیں	نحیرہ	اور اول ماہ کو براہ کہتے ہین
۸	آخر امت محمدیہ کون قوم ہے۔	جو دجال سے جنگ کریگی	
۹	اخیر حصہ عمر مرد کا کیا ہے	نیک ہے	کیونکہ اس مین حلم و علم اور عبادت زیادہ ہوجاتی ہے۔
۱۰	اخیر حصہ عمر عورت کا کیا ہے۔	بد ہے	کیونکہ حسن و جمال ضایع ہوجاتا ہے، اکثر عورات بدزبانی پیدا کرتی ہین اور انکا رحم عقیم ہوجاتا ہے۔
۱۱	صدیقین کے دل سے آخر کونسی بات زائل ہوجاتی ہے	حب ریاست	

۱۲	عمر رضی اللہ عنہ کا آخر حکم کیا تھا۔	شرابی کو دُرّے مارنا	پہلی مرتبہ مین چالیس اگر بہ اِرتکاب ہو تو اَسّی (۸۰)
۱۳	آخر مین جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم نے کون کھانا کھایا۔	وہ کھانا کہ جسمین پیاز شریک تھی	بغرض اصدار اجازت آپ نے استعمال فرمایا۔ اسکی نسبت نہی تنزیہی تھی تحریمی نہ تھی۔
۱۴	غزوہ آخر کونسا ہے	غزوہ تبوک	سنہ ۹ ہجری مین ہوا تھا غزوہ اول غزوۃ الابوا سنہ ۲ ہجری مین ہوا تھا
۱۵	بی بی صاحبہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم نے آخر مین نکاح کیا۔	میمونہ بنت حرث سے	یہ عبداللہ بن عباس اور خالد بن ولید کی خالہ ہین۔ اور اول رواج حضرت خدیجہ رض تھین۔ جنکی مدت حیات (چالیس سال) تک اور کسی سے آپ نے عقد نہین کیا۔
۱۶	مہینہ کا آخری چارشنبہ کیسا ہے۔	نحس دن ہے	
۱۷	محبت کا درجہ اخیر کیا ہے	قتل	اور محبت کا ابتدائی درجہ گریبان چاک کرنا یعنے دیوانگی۔

۱۸	آخر مغرب کے شہروں مین کون شہر ہے	اسکندریہ	اسکو مصریہ اور مغربیہ بھی کہتے ہین۔	تاریخ بلدان
۱۹	آخر شہر خراسان مین کونسا ہے	فرغانہ		=
۲۰	محراب سلیمان مین آخر کونسا درخت اوگا تھا	خرنوب	بیت المقدس مین اسکی پرستش ہوتی تھی۔ یہ بیابانی درخت خاردار ہے۔	حیٰوۃ الحیوان
۲۱	آخر مقتول حجاج بن یوسف کے کون ہے۔	سعید بن جبیر	آپ تابعی اور ولی کامل تھے۔ وقت شہادت یہ دعا فرمائی کہ آلہی پھر کسیکے قتل پر اسکو موقع نہ دیجیو جس کے بعد صرف پندرہ روز حجاج زندہ رہا۔	
۲۲	آخر مساجد کون ہے	مسجد نبوی	قال صلی اللہ علیہ وسلم انی آخر الانبیاء وان مسجدی آخر المساجد۔	تاریخ مکہ
۲۳	سنہ ۹ ہجری کے اخیر مین کون مجتہد ہوئے	عبدالرحمن جلال الدین سیوطی رح		محاضرہ مصر
۲۴	آخر حفاظ جہاں مین کون ہین	ابن حجر ابوالفضل	یہ محدثین مین خاتم فن حدیث	=

		احمد عسقلانی رح	سمجھے جاتے ہیں جس وقت آپکا وصال ہوا دفعتہً پانی برسنے لگا گو وہ موسم باران نہ تہا۔ چنانچہ اُسیوقت شاعر منصور نے یہ قطعہ لکہا۔ **قطعہ** قد بکت السحب علی قاضی القضاۃ بالمطر وانہدم الرکن الذی کان مستبد بالحجر
۲۵	آخر حکمائے متقدمین اشراقیین کون ہے	افلاطون	یہ اردشیر بن دارا کے زمانہ میں پیدا ہوا اور بقراط کا جانشین کیا گیا۔
۲۶	آخر عالم جامع آخر نوع حیوانات کون ہے	عالم انسان	
۲۷	آخر اولاد کس کی صلب سے ہوگی۔	مہدی علیہ الرحمہ کی صلب سے	

فصل (۴) بقیہ اواخر متعلقہ قیامت و جنت و دوزخ وغیرہ

۱	آخر علامت قیامت کیا ہے	آگ کا قعر عدن سے نکلنا	
۲	آخر روز حیات حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کیا تھا۔	دوشنبہ	
۳	اسلام کا آخر قریہ جو ویران ہوگا کون ہے	مدینہ منورہ ہے	
۴	امہات مومنین میں آخر کسکا وصال ہوا	صفیہ رض کا	بعض کہتے ہیں کہ میمونہ رض کا
۵	آخر میں کون مرینگے	عزرائیل	ملک الموت کو جب حکم قبض روح کا ہوگا میکائیل ۱ - جبرائیل ۳ - اسرافیل ۲ کی روح قبض کر لیجائینگے اوسوقت خداوند تبارک و تعالیٰ حکم فرمادیگا کہ اپنی روح کو قبض کر اوسکے بعد خداوند عالمیان کا ارشاد ہوگا لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ آج کسکی بادشاہت ہے - پھر خود ہی

نمبر	سوال	جواب	کیفیت
			فرماویگا لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَھَّارِ یعنے اللہ ہی کی بادشاہی ہے
۶	صحابہ مین اخیر کسکا وصال ہوا۔	ابوالطفیل عامرؓ بن واثلہ کا	بعد سنہ سو ہجری کے آپکا وصال ہوا۔
۷	عشرہ مبشرہ مین سے آخر کسکا وصال ہوا	سعدؓ ابن ابی وقاص کا	یہ ثالث فی الاسلام ہین۔ اور کفار پر اسلام کی طرف سے پہلے انہون نے تیر چلایا۔ افسوس کا مقام ہے کہ معرکہ کربلا مین انہین کا فرزند کوفیون کے جانب سے پہلا تیر لگایا
۸	مدینہ مین کونسے صحابی کا آخر مین وصال ہوا	سہلؓ بن سعد کا	سنہ ۹۱ ہجری مین۔
۹	کوفہ مین " "	عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضؓ کا	سنہ ۸۶ ہجری مین۔
۱۰	بصرہ مین " "	انسؓ بن مالک کا	سنہ ۹۱ ہجری مین۔
۱۱	شام مین " "	عبداللہ بن بسر کا	سنہ ۸۸ ہجری مین۔
۱۲	خراسان مین " "	ابو بریدہ رضؓ	
۱۳	مدینہ مین آخر صحابی کون تھے،	جابر رضؓ	

۱۴	اہل بدر مین آخر کسکا وصال ہوا ۔	ابوالیسر کا	انکا نام اسیدؓ تھا
۱۵	آخر یوم دنیا	یوم استحضار موت یعنے روز انتقال	اسکو اول یوم آخرت بھی کہتے ہین قرآن مجید مین اس آیۃ سے اسیکی طرف اشارہ ہے والتفت الساق بالساق الایۃ
۱۶	جنت مین اخیر کون داخل ہوگا	غیبت کنندہ بشرطیکہ تائب ہو	دوزخمین پہلے وہ غیبت کنندہ داخل ہوگا جو بے توبہ مرگیا ہو یہ وحی داؤد علیہ السلام پر بنی اسرائیل کی تنبیہ کے لئے نازل ہوئی تھی کہ وہ غیبت کیا کرتے تھے ۔
۱۷	دوزخیونکی اخیر حاجت جنتیونکی اخیر حاجت سے کیا پوچھے گی	ما نفعکم ایمانکم یعنے تمہارے ایمان نے تمکو کیا نفع دیا ۔	یہ سنتے ہی یہ لوگ آدم علیہ السلام کی خدمت مین حاضر ہوکر شفاعت کے لیئے التجا کرینگے آپ عذر کرینگے پھر شدہ شدہ جناب رسالتمآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہونگے اور آپ شفاعت فرمادین گے

نخبۃ سیوطی
سعد الدین اول
صحیح بخاری
تفسیر

۱۸	سب سے اخیر جنت مین کون داخل ہوگا۔	ایک شخص ہناد نامی۔	یہی مقام محمود ہے جو آنحضرت صلّے اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خصوصیات سے ہے۔ کہتے ہین کہ جب حسن بصریؒ کو یہ حدیث پہونچی تو آپ نے فرمایا کاش کہ وہ شخص مین ہی ہوتا کہ اوسکے حق مین بالیقین جنت کا وعدہ تو ہوا ہے۔ گو اخیر مین ہی۔ یہ آرزو اس خوف سے تہی کہ آپ مواطن آخرت کے حالات سے بخوبی واقف تہے۔ امیر المؤمنین حضرت عمر رضؓ کا یہ قول کہ لیت ام عمر لم تلد عمر۔ اسی بات پر دلالت کرتا ہے۔
۱۹	دوزخ سے سب کے آخر جو شخص نکلے گا وہ کتنے دن معذب ہونے کے بعد نکلیگا۔	سات ہزار برس بعد	

۲۰	جنت مین سب کے آخر کون داخل ہونگے	جو غازی بغیر اجازت والدین جنگ مین شریک ہوے ہون	کہتے ہین کہ یہ اعراف مین رہین گے اہل اعراف کے متعلق بارہ قول ہین منجملہ اوس کے یہ بھی ایک قول ہے ۔
۲۱	جو شخص سب کے بعد جنت مین داخل ہوگا اور سب کے آخر دوزخ سے نکلے گا وہ کس کیفیت سے داخل ہوگا ۔	پیٹ کے بل چلکر ۔	جناب باری تعالیٰ سے اس شخص کو ارشاد ہوگا کہ جا جنت مین داخل ہو یہ شخص جنت کے پاس آئیگا اور دیکھیگا کہ بھری ہوئی ہے تو پھر واپس ہوکر عرض کریگا کہ ای پروردگار وہ تو بھری ہوئی ہے پھر ارشاد ہوگا کہ جا جنت مین داخل ہو وہ پھر جواب یہی دیگا بہر حال تیسری مرتبہ ارشاد ہوگا کہ جا جنت مین داخل ہو اوس مین دنیا کے دس گنے گنجایش ہے اوسوقت پھر یہ بندہ عرض کرے گا کہ ای پروردگار کیا تو بادشاہ مختار ہوکر

			مجھسے ٹھٹھا کرتا ہے۔ ابن مسعود رض کہتے ہین کہ اس بیان کے وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم اسقدر ہنسے کہ حضرت کے دندان مبارک اور اندر کے کچلیان تک ظاہر ہو گئے
۲۲	آخر مین دوزخ مین سے دو شخص جو نکالے جاینگے	ایک سے ارشاد ہوگا کہ کیا تو نے کوئی نیکی کی ہے اور مجھ سے ڈر تا رہا ہے۔	یہ شخص جیسا کہ کم مرتبہ ہے وہ عرض کریگا کہ نہین اوسکے لئے دوزخکا حکم ہوگا۔ اور دوسرے سے بھی یہی سوال ہوگا تو وہ کہے گا کہ نیکی تو مین نے کی نہین البتہ امیدوار غفور رہا ہون اوسکے سامنے ایک درخت نظر آوے گا تو وہ التجا کریگا کہ خداوندا مجھے اسکے سایہ مین جگہ دے کہ مین اسکا ثمرہ کھاؤن اور اسکا پانی پیلون تو ادس سے معاہدہ

ہوگا کہ پھر اور کوئی خواہش تو
نہ کرسے گا اور وہان اوسکو جگہ ملیگی
پھر ایک دوسرا درخت پہلے درخت
سے بلند ظاہر ہوگا تو یہ بندہ عرض
کریگا کہ آلہی مجھے اسکے سایہ مین
پھونچا دے تو ارشاد ہوگا کیا تونے
معاہدہ نہ کیا تہا کہ کچھہ سوال نہ
کرونگا پھر طوہا اوسکی وہ تمنا بھی
بعد معاہدہ پوری کیجاوے گی
پھر وہ وہان سے اہل جنت کی
آوازین سنکر بیقرار ہوگا اور عرض
کریگا کہ اے بار بتعالے مجھے
جنت مین داخل فرما ۔
پھر فضل و کرم سے وہ نعمت بھی حمت ہوگی
آخر مین جو شخص جنت مین داخل ہوگا
اوسکا یہ حال ہوگا کہ وہ لوٹتا لوٹتا
ہلتی کھاتا ہوا پل صراط پر گزرتا

آخر شخص

اوسکی حالت اوس بچہ کی سی ہوگی کہ
جسکا باپ اوسکو مار رہا ہوا ورروہ بیقرار
ہوتا ہو۔ اور وہ چلا کے کہیگا ای
پروردگار دوزخ سے نجات دے
اور جنت مین داخل کر دے۔
اوسوقت ارشاد ہوگا کہ اگر تجکو جنت مین
داخل کر دیا جاے تو کیا تو اپنے
گناہونکا اعتراف کریگا اوسوقت
یہ عرض کریگا کہ اے خدا تیری
عزت اور جلال کی قسم ہے تجکو
دوزخ سے نجات دے مین اپنے
گناہون کا اعتراف کرونگا۔ اتنا
کہتے ہی وہ پل صراط سے گزار دیا
جاویگا پہر دل مین خیال کریگا کہ اگر
مین اپنے گناہونکا اعتراف کرونگا تو
ضرور شاید دوزخ مین ڈالا جاونگا
ارشاد ہوگا کہ اے بندے تو اپنے

گنا ہونکا اعتراف کر کہ تجکو مین بخشد و نگا
اور جنت مین بہیجد و نگا اوسوقت یہ
عرض کرے گا اے خدا تیرے
عزت وجلال کی قسم ہے کہ مین نے
کوئی گناہ نہین کیا ہے تو خداوند
عالم فرمائیگا کہ ہمارے پاس اس
کے گواہ موجود ہین فورًا پوست
تمام گناہ صغیرہ کی گواہی دیگا یہ
دیکھتے ہی بندہ کہیگا کہ اے خدا
مینے گناہ کبیرہ بہی کئے ہین تو ارشاد
ہوگا کہ ہان مین زیادہ جانتا ہون
تو اوسکا اعتراف کر تو مین تجہی نجات
دون اوسوقت یہ اعتراف کرلے گا
پس خداوند عالم اوسکو جنت مین
داخل کر دیگا۔ جناب رسالت مآب
صلی اللہ علیہ وآلہٖ وصحبہ وسلم فرماتے
ہین کہ یہ اہل جنت مین سے ادنی مرتبہ کا شخص ہے

۲۳	اہل آخرت کا کلام آخر جو بشارت و بتا ہوگا کیا ہے۔	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ	ابن عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم نے فرمایا کہ جو بندہ خلوص دل کے ساتھ اس کلمہ کو مرتے وقت کہے اور مر جاوے تو اوس پر دوزخ حرام ہے۔
۲۴	میزان میں آخر کون لفظ رکھا جائیگا۔	اَلْحَمْدُ لِلّٰہ	اسیواسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم نے فرمایا ہے کہ الحمد للہ تملا المیزان یعنے تمام اعمال کے بعد ذراسی جاے باقی رہجاویگی جو الحمد للہ سے پوری ہوگی
۲۵	آخر خوشخبری انسان کے لئے توحید پر انتقال کیا ہے	لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ	خدا تعالےٰ ہر مسلمان کو نصیب فرماوے۔ الٰہی بحق سید المرسلین
۲۶	اہل جنت کی اخیر پکار کیا ہوگی۔	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن	قرآن مجید میں اسیکی طرف اشارہ ہے وَاٰخِرُ دَعْوٰهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۹۵	۱۶	حفض	حفص	۱۷۶	۱۱	+	پہلے
۹۷	۱	سمجھے	سمجھے جاتے	۱۷۸	۱۰	بیٹے	پوتے
"	۳	سے	سے	"	۱۲	+	نام
۱۰۳	۴	مین	ہین	۱۸۲	۱۰	صحور	صخور
۱۰۷	۳	عقاقر	وعقاقیر	۱۸۶	۷	سریاسہ	سریانیہ
"	۱۲	علاج	یہہ کتاب	۱۹۳	۱۴	اسمان	آسمان
۱۱۴	۸	کا	+	۱۹۶	۹	تمتع	تمنع
۱۱۸	۹	+	لایا گیا	"	۱۲	سوا	سواہ
۱۲۶	۱۰	سا	سیا	۱۹۷	۱۰	یاکلک	یاکالک
۱۲۸	۱۰	حلفاءہ	[illegible]	۱۹۸	۳	+	مسن
۱۳۱	۱۲۰	کیپڑوا	[illegible]	۲۰۱	۶	تغنظ	عقیلا بن زرارہ کی عورت
۱۳۵	۱۳	[illegible]	[illegible]	۲۰۶	۱۰	ذاویہ	زاویہ
۱۳۸	۳	سکر	[illegible]	"	۱۳	زنہار	نصار سے
۱۴۱	۱۷	لکائی	[illegible]	۲۰۹	۱۰	ہے	اس نے
۱۴۲	۱۳	ربنابا	[illegible]	۲۲	۱۰	حفر	حضر
۱۴۶	۳	بلکہ	ملک	۲۲۳	۸	+	سے تھے
۱۵۳	۱۷	پیشقدمی	زیارت حاصل	۲۲۳	۱۴	پہہ ہو	حدیث شریف
۱۵۷	۱۷	ۃ	ہ	۲۳۴	۱۱	الذئب	الذنب
۱۵۸	۱۰	طنذی	طنبذی	۲۴۲	۱۱	خادمانہ	غائبانہ
۱۵۹	۴	کے	کے بعد	۲۴۴	۷	+	تھ
۱۶۱	۱۵	اوسپیر	+	۲۵۴	۱	+	شاطبی کے متعلق
۱۶۳	۹	+	شاید بلا واسطہ مالک کے	"	۸	+	کن

غلط نامہ کتاب اوائل

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴	۱	لوگون گے	لوگون کے	۴۹	۸	نصاب	انصاب
۶	۱	نماز	کوئی نماز	۵۱	۱۴	حوام	حرام
۱۶	۹	فلائکہ	ملائکہ	۵۵	۸	غلط	حج وداع مین
۲۳	۱	کہ	+	۵۸	۸	من	من سے
				۶۲	۱۵	وآدیبان	وادانیان
"	۱۶	پہلا مجدد	پہلی صدی کے مجدد	۶۴	۱۲	وارث	حلیمہ
۳۳	۵	قوانی	قافیہ	۷۰	۱۱	خباب	خیانت
۳۵	۷	غضراء	عضراء	"	۱۷	لوطت	لواطت
"	۷	بشہل	الاشہل	۷۲	۸	عذر	غدر
۳۸		بہن	بہت بہی	۷۳	۹	فمن	ثمان
"	۱۶	سافرہ	سامرہ	۷۴	۵	لساسے	لباسے
۴۳	۱۴	آب	اون	۷۵	۵	ظاہر	رائج
۴۵	۱	ہوا	ہوئے	۸۱	۱۱	سہے	+
۴۶	۵	ال	بال	۸۸	۲	+	سلیمان بن ربیعہ کے بعد
"	۶	بغلین	نغلین	۸۹	۱۶	ان پر	ان پر کمسنی مین قاضی ہونیکا
۴۷	۴	نکمی	نکمہ	۹۰	۱۶	امتی لبیج	مثنی یبیج
۴۸	۳	لے	+	۹۱	۷	حضیۃ	خفیۃ
"	۱۵	+	حلہ خلت	۹۳	۱	انام	نام امام
۴۹	۴	ناحر	ناجرہ	۹۵	۱۲	ری	ودلی

اعلان

شکر اللہ کا کہ اکثر فنون کی عمدہ کتابین خوشخط وصاف
وپاکیزہ مع صحت تمام کے اس مطبع مین نہایت
صفائی کیساتھ باہتمام کارپردازان مطبع طبع ہوتی
ہین - لہذا صاحبان فرمایش سے امید کیجاتی
ہے کہ جو کتاب یا نقشہ یا کارڈ بخط انگریزی یا فارسی
یا عربی جس زبان مین چھپوانا چاہین اطلاع فرمائین

کمترین

محمد شفیع الدین [illegible]